# گریجویشن ماڈل ٹول کٹ

## کتابچہ برائے صارفین

## تعارف

@2023 جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا)

اس کتابچہ کے جملۂ حقوق جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے پاس محفوظ ہیں. اور یہ کتابچہ لائیٹ-ایف منصوبے کا حصہ ہے۔ گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی معاشی حالات اور فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کے لیے اسے ترتیب دیا گیا ہے۔ کوئی بھی تنظیم یا فرد مکمل حق اشاعت کے ساتھ اسے استعمال کر سکتا ہے۔ تاہم، اس کتابچہ کے کسی بھی تجارتی استعمال یا ترامیم کی سختی سے ممانعت ہے

# گریجویشن ماڈل ٹول کٹ

# کتابچہ برائے صارفین

# تعارف

## فہرست مضامین


1. خلاصہ برائے تربیتی ٹول کٹ 3

1.1 تربیتی ٹول کٹ کے استعمال سے حاصل کیئے جانے والے مقاصد: 4

1.2 مقاصد برائے تربیت 6

1.3 مخصوص مستفیدین 10


1.4 صارف 12


اس کتابچہ برائے صارفین کا مقصد این جی اوز، پرائیویٹ کمپینیز، اور تربیتی اداروں کے پیشہ ورانہ لوگوں کو گریجویشن ماڈل کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل در آمد ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے۔

## 1. خلاصہ برائے تربیتی ٹول کٹ

گریجویشن ماڈل کا مقصد گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین (گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین، وہ خواتین ورکرز ہیں جو اپنے گھر کے اندر سے غیر رسمی یا غیر منظم شعبے میں آمدنی کے لیے کام کرتی ہیں۔) کے لئے ایک دیرپا ذریعہ معاش بنانے میں مدد کرنا ہے۔ اس ماڈل میں مجموعی طور پر زندگی کے تین شعبوں میں مدد فراہم کی جائے گی جس میں منظم زندگی کی مہارتیں سیکھنا، مالیاتی خدمات تک رسائی کو فروغ دینا، اور آمدنی میں اضافے کے طریقے کو سیکھنا شامل ہیں. یہ ماڈل گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو اقتصادی طور پر خود انحصاری اور طویل مدتی پائیدار معاش میں مدد فراہم کرتا ہے۔ پائلٹ پروجیکٹ کی سرگرمیوں کے ذریعے، ماڈل کو کارآمد ثابت کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں بہت سے مستفیدین کی کامیابی کی کہانیاں موجود ہیں۔

یہ گریجویشن ماڈل گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو قابل بناتا ہے کہ وہ سمجھ سکیں اور عمل کر سکیں جو انہوں نے تربیتی نشت، فالواپ سرگرمیوں میں اور انفرادی کوچنگ کے ذریعے سکھا ہے، اور انہیں یہ ماڈل اپنی زندگی بہتر بنانے، کاروبار کو بڑھانے اور معیشت میں حصہ لینے کے بھی قابل بناتا ہے۔




نقشہ نمبر ایک -خود انحصاری کی طرف تین قدم

### 1.1 تربیتی ٹول کٹ کے استعمال سے حاصل کیئے جانے والے مقاصد:

مندرجہ ذیل معلومات وضاحت کرتی ہے کہ گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو گریجویشن ماڈل کے ذریعے کون کون سے مقاصد حاصل کرنا ضروری ہیں۔

پہلا مرحلہ (یکجا تعلیم و تربیت پر مرکوز): ترقی کے عمل کے پہلے مرحلے میں 6-10 ماہ لگیں گے، جس کے دوران تینوں عناصر پر ٹریننگ سیشن فراہم کیے جائیں گے تاکہ مخصوص مستفیدین خود انحصار ہونے کے لیے ضروری علم اور مہارتیں حاصل کر سکیں۔

| | |
|---|---|
| منظم زندگی کی مہارتیں | • زندگی کی منصوبہ بندی کے تصور کو سمجھیں۔<br>• آمدنی اور اخراجات ریکارڈ کرنے کے قابل ہوں۔<br>• بچت کرنا شروع کریں اور بچت کو جاری رکھیں۔<br>• اخراجات کے بارے میں غور کرنا شروع کریں اور محتاط رہیں۔<br>• رقم کو سنبھالنے کے بنیادی اصولوں کو سمجھیں، مثلاً، رسیدیں۔ |
| مالیاتی خدمات تک رسائی | • بنیادی مالیاتی خدمات اور مصنوعات کا علم ہونا۔ |
| آمدنی میں اضافے میں مدد | • خام مال اور خریداروں کے ذرائع کے بارے میں جانیں۔ |

| | |
|---|---|
| | • فروخت اور اخراجات کا صحیح اندراج کرنا سیکھیں۔<br>• بنیادی تجارتی عناصر کو سمجھیں، جیسے ترسیل کی تاریخ، تجویز کردہ معیار، ادائیگی کی شرائط، اور ترسیل کے طریقوں کو سمجھیں۔<br>• خریدار سے خود براہ راست رابطہ کر سکیں۔<br>• بنیادی کام کرنے کے طریقے کو سمجھیں جیسے کہ کاروباری بصیرت یا ذہانت، اور مارکیٹ کے نظام کو سیکھیں۔ |

✓ دوسرا مرحلہ (رہنمائی): ترقی کے عمل کے دوسرے مرحلے میں 1 سال لگے گا، جس کے دوران مستفید خواتین کے لیئے فالواپ، کوچنگ اور رہنمائی فراہم کی جائے گی تاکہ وہ خواتین خود انحصار ہونے کے لیئے ضروری علم اور مہارتوں کو استعمال کرنا شروع کر دیں۔

| | |
|---|---|
| منظم زندگی کی مہارتیں | • آمدنی اور اخراجات ریکارڈ کرنے کے علم کو استعمال کرتے ہوئے صحت، تعلیم اور غذائیت جیسے فلاح و بہبود کے شعبوں کی نشاندہی کرنے کے قابل بھی بن سکیں۔<br>• ایک ہدف کے ساتھ پیسہ بچانے کے قابل ہوں۔<br>• بچائی گئی رقم سے آگاہ اور محتاط رہیں۔<br>• اخراجات کو سنبھال سکیں اور ترجیح کے مطابق خرچ کرنے کے قابل بن سکیں۔ |
| مالیاتی خدمات تک رسائی | • بینک اکاؤنٹ کو استعمال کرنا اور سنبھالنا سیکھیں.<br>• مالیاتی اداروں میں بچت کرنا شروع کریں۔<br>• واجبات کی ادائیگی اور رقم کی وصولی مالیاتی اداروں کے ذریعے کریں۔ |
| آمدنی میں اضافے میں مدد | • خریداروں کی معلومات اور خام مال کہاں سے خریدنا ہے اس بارے میں معلومات جمع کرنے کے قابل بن سکیں۔<br>• آمدنی اور منافع کا حساب کرنے کے قابل بن سکیں.<br>• خریداروں کی تجارتی شرائط کو پورا کرنے اور خریداروں کو مطمئن کرنے کے قابل بن سکیں۔<br>• خریداروں کے ساتھ گفت وشنید کرنے اور مذاکرات کی بنیاد پر تجارتی شرائط کو موافق رد و بدل کرنے کے قابل بن سکیں۔ |

✓ تیسرا مرحلہ (خود انحصاری): ترقی کے عمل کے تیسرے مرحلے میں 3 سال لگیں گے، جس کے دوران مخصوص مستفید کو مستقل فالواپ، کوچنگ اور رہنمائی فراہم کی جائے گی تاکہ وہ حاصل کردہ علم اور مہارتوں کے پائیدار استعمال کے ذریعے اپنی اور اپنے خاندان کی فلاح و بہبود اور معیار زندگی کو بہتر بنا سکیں۔

| | |
|---|---|
| منظم زندگی کی مہارتیں | • روزانہ کی زندگی کو کیسے بہتر بنایا جائے اس کا تجزیہ کرنے کے قابل بن سکیں۔<br>• گھر کے حساب اور کاروبار کے حساب کو الگ الگ چلانے کے قابل بن سکیں۔<br>• طویل مدت تک مالیات کا نظام چلانے کے قابل بن سکیں۔ |
| مالیاتی خدمات تک رسائی | • خطرات کو کم کرنے کے لیے تکافل یا بیمہ پالیسی خدمات کا استعمال کر سکیں۔<br>• کاروباری مقاصد کے لیے قرض کا استعمال کر سکیں۔ |
| آمدنی کو بڑھانے میں مدد | • نئے مارکیٹنگ چینلز تلاش کرنے کے قابل ہوں۔<br>• خام مال حاصل کرنے، ڈیزائن کرنے اور مصنوعات تیار کرنے کے قابل بن سکیں۔<br>• سالانہ کاروباری منصوبہ تیار کرنے کے قابل بن سکیں۔<br>• صارفین کے ساتھ مستحکم تعلقات قائم کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے قابل بن سکیں۔ |

## 1.2 مقاصد برائے تربیت

جیسا کہ نیچے دیے گئے ٹیبل میں دکھایا گیا ہے، ہر ماڈیول کو سیکھنے کے مقاصد ہوتے ہیں۔ جو مہارت کو بہتر بنانے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

ٹیبل نمبر 1: گریجویشن ماڈل کے ذریعے بہتر کی جانے والی بنیادی مہارتوں کی فہرست

| جزو | سیکھنے کے مقاصد | مہارتیں |
|---|---|---|
| منظم زندگی کی مہارتیں | 1) اپنی زندگی کی بہتر منصوبہ بندی کرنے اور طویل مدت کے لیے اپنی آمدنی اور اخراجات کو اچھے سے چلانے کے لیے۔ | • زندگی کے ہر موقع اور وقت کے ساتھ مالی ضروریات کو سمجھنے کے قابل ہونا۔<br>• زندگی کے ہر موقع اور وقت کے ساتھ بچت کے نئے ہدف قائم کرنے کے قابل ہونا۔<br>• اپنے گھر کی آمدنی اور اخراجات کو سمجھنے اور تجزیہ کرنے کے قابل ہونا۔ |
| | 2) زیادہ آمدنی کمانے کے لیے بنیادی کام کی مہارتیں حاصل کرنا۔ | • اخلاقیات اور ٹیم ورک کے ساتھ کام کرنے کی اہمیت کو سمجھنے کے قابل بننا۔<br>• وقت کی انتظام کاری اور صفائی کے معیار کو بہتر بنانے کے قابل بننا۔ |
| | 3) مختلف کیریئر اور روزگار کے مواقع سے آگاہ ہونا۔ | • خواتین اور روزگار کے تصور کو وسعت دینا۔ |
| مالیاتی خدمات تک رسائی | 4) مالی صلاحیت حاصل کرنے کے لیے۔ | • درست مالیاتی رویوں کے بارے میں علم حاصل کرنا۔<br>• مختلف مالیاتی مصنوعات اور قرض حاصل کرنے کے ذرائع کو سمجھنا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | | • ڈیجیٹل بینکنگ (منتقلی، ادائیگی، والٹ، قرض وغیرہ) کے بارے میں علم حاصل کرنے کے لیے۔ |
| آمدنی کو بڑھانے میں مدد | 5) اپنی رقم سے چھوٹا سا کاروبار شروع کرنا۔ | • آبیاریِ خیالات (کاروباری خیال/آئیڈیا نکالنا/دینا)<br>• کاروباری منصوبے تیار کرنے کے لیے۔<br>• ایک نئی سرمایہ کاری کا بجٹ بنانا۔<br>• لاگت اور منافع کا حساب لگانا۔<br>• فروغ کے مختلف طریقوں کو تلاش کرنا۔ |
| | 6) ایک چھوٹے سے کاروبار کو بہتر بنانے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے۔ | • مصنوعات کی قیمتوں کا تعین یا مقرر کرنا۔<br>• گاہکوں کے ساتھ تعلقات قائم کرنا.<br>• کاروبار کے حساب کی کتاب رکھنا۔ |
| | 7) ڈیجیٹل مارکیٹنگ کی مہارت حاصل کرنے کے لیے۔ | • کاروبار کے لیے اسمارٹ فون اور سوشل میڈیا کا استعمال کرنا۔<br>• ڈیجیٹل ڈیوائس کے محفوظ استعمال کے لیے خواتین کو تصورات اور مہارتوں سے آراستہ کرنا۔ |

### گریجویشن ماڈل کے اہم اور کلیدی نقطہ نظر

گریجویشن ماڈل گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو طویل مدت تک خود کفیل بننے کے لیے ٹریننگ سیشن کی تاثیر کو بڑھانے کے لیے تین اہم اور کلیدی طریقوں کو شامل کرتا ہے۔

1. تین ضروری شعبوں میں عملی تربیت
2. مسلسل فالواپ اور کوچنگ کے ساتھ مرحلہ وار نقطہ نظر یا طریقہِ کار۔
3. خاندان یا گھرانے کی شمولیت۔

**تین ضروری شعبوں میں عملی تربیت**

یہ منظم زندگی کی مہارتیں سیکھنا، مالیاتی خدمات تک رسائی کو فروغ دینا اور آمدنی کو بڑھانے میں مدد کا

**مسلسل فالو اپ اور کوچنگ کے ساتھ مرحلہ وار طریقہ کار**

تین مراحل کے ذریعے پائیدار معاش میں بتدریج منتقلی میں مدد کرنا: یکجا تعلیم و تربیت پر مرکوز، رہنمائی اور خود انحصاری۔


یہ مرحلہ وار طریقہ کار زریعہ

**گھریلو زاویہ یا گھرانے کی شمولیت**

گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے لیے گھر کے مرد ممبران کی تفہیم اور تعاون کو بڑھانا۔

1) تین ضروری شعبوں میں عملی تربیت

تین مختلف پروگراموں (منظم زندگی کی مہارتیں، مالیاتی رسائی میں اضافہ، اور آمدنی کو بڑھانے میں مدد) پر ترتیب وار ٹریننگ سیشن فراہم کرنا، مختلف معاش میں بہتری کے پروگراموں میں یہ سپورٹ پروگرام اپنے آپ میں ایک منفرد جدت کا حامل ہے۔ یہ امتزاج خواتین کو نہ صرف کمانے کی اجازت دیتا ہے، بلکہ اپنے معیار زندگی میں پائیدار بہتری کے لیے اپنے مالیات کو سنبھالنے اور برقرار رکھنے کی بھی اجازت دیتا ہے۔ خواتین کو مالی نظام چلانے کی جامع تکنیک سکھانا اور انہیں اس قابل بناتا ہے کہ وہ محدود وسائل کا موثر استعمال کرتے ہوئے اپنے معیار زندگی کو بہتر بنا سکیں۔ تربیتی مواد سمجھنے کے لیے بہت آسان ہے اور عملی نوعیت پر مبنی ہے، جس میں روزمرہ کے واقعات کو بطور مثال استعمال کیا گیا ہے تاکہ معاش کے لیے گھر پر کام کرنے والی خواتین فوری طور پر اپنی تربیت کو عملی جامہ پہنا سکیں۔




## نقشہ نمبر دو -مالیاتی نظام کی جامع صلاحیت کی تربیت

2) مسلسل فالواپ اور کوچنگ کے ساتھ سٹیپ وائز طریقہ کار

مندرجہ ذیل مراحل کے بعد، گریجویشن ماڈل گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی بتدریج پائیدار معاش میں منتقلی کی سہولت فراہم کرتا ہے: 1) تعلیم و تربیت پر مرکوز، 2) رہنمائی، 3) خود انحصار ہونا۔

مسلسل کوچنگ اور فالواپ ان عوامل میں سے ایک ہے جو تمام مراحل کو مکمل ہونے میں معاون ہے۔ خواتین کو نہ کہ صرف نئے علم کو سمجھنا چاہیے بلکہ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ وہ اپنی روزمرہ کی زندگی میں اس کا اطلاق یعنی عمل کر سکیں۔ خاص طور پر ان خواتین کے لیے جو کم تعلیم یافتہ ہیں یا جن کے پاس خود مطالعہ کرنے کا محدود تجربہ ہے، ٹریننگ و تربیت کو عملی شکل دینے کے لیے محتاط اور مستقل فالواپ بہت ضروری ہے۔

3) گھریلو زاویہ یا گھرانے کی شمولیت

گریجویشن ماڈل ،،فیملی اپروچ،، یعنی گھریلو زاویہ یا گھرانے کو شامل کرتا ہے، یعنی سرگرمیوں میں مرد ممبران کی شمولیت کرتا ہے۔ پدرانہ سماجی ماحول (پدرانہ سماجی ماحول یعنی معاشرے کا ایک ایسا نظام جس میں مرد اقتدار پر ہوں اور عورتیں اس سماج میں بھرپور حصہ نہ لے سکیں یا خارج ہوں)، ایسے ماحول میں گریجویشن ماڈل کی وجہ سے گھر کے مرد ممبران خواتین کی سرگرمیوں کو آسان بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مرد ممبران اپنی خواتین ممبران کی حوصلہ افزائی کر کے پراجیکٹ میں ان کی شرکت کو یقینی بناتے ہیں اور ان کے ساتھ ان کے گاؤں سے باہر جا کر، خام مال کی خریداری، مصنوعات کی تقسیم، اور اسی طرح کے کاموں میں ان کی مدد کرتے ہیں۔

پراجیکٹ میں مرد ممبران کے لیے سر گرمیوں کو عمل میں لانے سے، پراجیکٹ کی سر گرمیوں کے بارے میں ان کے شکوک و شبہات کو دور ہو ہے، اور مرد ممبران نے خواتین ممبران کی مدد اور حمایت کرنا شروع کر دی۔ عام طور پر، خواتین کی سر گرمیوں کا مقصد صرف خواتین پر توجہ دے کر ان کے مرد ممبران کے ہم منصب کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ تاہم، خواتین کے پروگرام کی سر گرمیوں کے کامیاب نفاذ کے لیے مرد ممبران کی سمجھ اور تعاون بہت ضروری ہے۔



## 1.3 مستفید ہونے والے صارف

(1)بنیادی ہدف

ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین جو کہ کم آمدنی والے شہری علاقوں میں اپنی مدد آپ چھوٹے کاروبار چلا رہی ہیں اور ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والے وہ خواتین کے گروپ جو دیہی علاقوں میں دستکاری کا کاروبار چلا رہے ہیں وہ اس ماڈل سے مستفید ہونے والے بنیادی صارف ہیں۔ مندرجہ ذیل ٹیبل ان خواتین کے مختلف حالاتِ زندگی اور صفات کو بیان کرتا ہے۔ نتیجتاً، یہ تربیتی ٹول کٹ کو ان کی رکاوٹوں اور مشکلات کو دور کرنے اور عمل کے مواقع کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لیے تیار کی ہے۔

ٹیبل نمبر2: شہری اور دیہی ماحول میں ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی صفات اور تربیتی ٹول کٹ میں ان صفات سے متعلق طریقہِ کار موجود ہیں

| | | خصوصیات | تربیتی ٹول کٹ میں متعلقہ طریقہِ کار |
|---|---|---|---|
| رکاوٹیں اور مشکلات | شہری | ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی وہ خواتین جو انفرادی طور پر کام کرتی ہیں۔ | یہ سمجھتے ہوئے کہ ہر گھریلو سطح پر کام کرنے والی خاتون کے پاس انفرادی کام یا کاروبار کا مختلف تجربہ یا آئیڈیا ہوتا ہے، یہ تربیتی ٹول کٹ ایک سادہ اور آسان کاروباری ساخت (فریم ورک) کا استعمال کرتے ہوئے انفرادی کاروبار کے انتظام کی مہارتوں کو سکھانے پر توجہ دیتا ہے (یعنی کہ تمام مستفیدین اپنا علیحدہ کاروبار چلانے کے قابل بن سکیں)۔ |
| | | گھریلو سطح پر کام کرنے والی وہ خواتین جنکا گھرانہ کم افراد پر مشتمل ہوتا ہے، اور ان کے | ذریعہ معاش کے لیے گھریلوطح پر کام کرنے والی خواتین گھر کی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں انتہائی مصروف ہوتی ہیں۔ اس لیے ٹریننگ سیشنز کا اہتمام صرف ہفتے میں ایک بار دوپہر میں دو گھنٹے کے لیے کیا جاتا ہے، تا کہ اسے ایک سخت اور مستقل پروگرام کے بجائے آسان اور مفید پروگرام بنایا جائے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | گھر کے دیگر ممران کا گھریلو کام کاج میں مدد کرنے کا امکان کم ہوتا ہے۔ | |
| | دیہی | ان خواتین کے لیے تعلیمی مواقع بہت کم ہوتے ہیں۔ | • ٹریننگ سیشنز کو اس انداز میں تیار کیا جاتا ہے جو بصری مواد (تصاویر پر مبنی تربیتی مواد) اور کیس اسٹڈیز کے استعمال کے ذریعے شرکاء کو بہ آسانی سمجھ آتا ہے اور اس پر عمل پیرا ہونے میں بھی مدد فراہم کرتا ہے کیونکہ یہ مواد شرکاء کی روزمرہ زندگی کی عکاسی کرتا ہے۔<br>• فنکشنل لٹریسی کورس کا تعارف، جو انہیں عملی پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرے گا تاکہ وہ سیشن کے دوران متعارف کرائی گئی مہارتوں کو استعمال کر سکیں۔ |
| | | سماجی اور بنیادی سہولیات کی رکاوٹوں کی وجہ سے محدود نقل و حرکت۔ | • سیشن ان کے گھروں یا گاؤں میں منعقد کیے جاتے ہیں تاکہ شرکاء آسانی سے جمع ہو سکیں۔<br>• خواتین کی سرگرمیوں کے بارے میں ان کی مدد اور سمجھ حاصل کرنے کے لیے گھر کے مرد ممبران سے وا ہوں اور ان میں شامل ہوں۔ |
| مواقع | شہری | گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے کام کی اقسام مختلف ہوتی ہیں، بشمول خدمت کی فراہمی، جیسے کہ بیوٹیشن۔ | اس تربیتی ٹول کٹ کو کسی بھی قسم کے کام یا کاروبار کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جس میں منظم کاروبار کے بنیادی اصول بتائے گئے ہیں، یہ صرف کاریگروں یا ہنر مند خواتین تک محدود نہیں ہے۔ |
| | | مختلف وسائل، جیسے تربیتی ادارے اور مائیکرو فائنانس انسیٹیوشن، دستیاب ہیں۔ | گریجویشن ماڈل کے ایک ضمنی جز کے طور پر، تکنیکی مہارتوں کی نشوونما کے لیے مختلف مقامی وسائل کی نشاندہی کی جا سکتی ہے اور ان کا استعمال کیا جا سکتا ہے، جس کے نتیجے میں گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے درمیان کم لاگت پر زیادہ سے زیادہ روپے میں تبدیلی آئے گی۔ |
| | | کچھ خواتین ہیں جو خود بازار جا سکتی ہیں۔ | ان کی بنیادی نقل و حرکت انہیں دیگر خواتین کے کاروباری اقدامات کے بارے میں جاننے کے لیے بیرونی تربیتی کورسز اور مختلف جگہوں پر جانے کی اجازت دیتی ہیں جہاں وہ کام میں جدت کے بارے میں سیکھ سکیں۔ |
| | | کچھ خواتین کی تعلیمی سطح دیہی علاقوں کی خواتین سے بہتر ہے | اس تربیتی ٹول کٹ میں کچھ تحریری مواد بھی شامل ہوتا ہے، جیسے بزنس فریم ورک اور بزنس اکاؤنٹ بک۔ |
| | دیہی | غیر استعمال شدہ روایتی دستکاری کی مہارتوں کے بھرپور وسائل | نئی مارکیٹ میں داخل ہونے کے لیے بنیادی کاروباری علم اور مارکیٹنگ کی مہارتیں فراہم کریں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | افراد کا ایک گروپ، جو ایک دوسرے کی رہنمائی اور مدد کر سکے۔ | سیشنز میں مل کر ٹیم ورک کو فروغ دیا گیا تا کہ اپنے کاروبار کو بڑھانے کے لیے ایک دوسرے کی مدد اور ایک دوسرے سے سیکھنے کا عمل پورا ہو سکے۔ |
| | | سیکھنے کی طلب | دیہاتی علاقوں میں ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے پاس تعلیم کے بہت کم مواقع ہوتے ہیں، جسکی وجہ سے وہ پڑھنے اور سیکھنے میں زیادہ توجہ دیتی ہیں۔<br>۔بیرونی تنظیموں کے ساتھ کاروباری تجربات کے مواقع ممبران کو اپنی آمدنی بڑھانے کے لیے ترغیب دیتے ہیں۔ |

(2)ثانوی ہدف

ثانوی ہدف میں گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے مرد خاندان اور کمیونٹی ممبران ہیں۔ پدرانہ معاشرے میں، گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی ترقی کے لیے مرد اراکین کی سمجھ بوجھ اور تعاون بہت ضروری ہے۔ 'فیملی اپروچ یعنی گھریلو زاویہ' کی اصطلاح کو گریجویشن ماڈل میں شامل کیا گیا ہے۔ مرد ممبران گریجویشن کے طریقہ کار کے تصور سے واقف تھے، کمیونٹیز میں پھیلانے والے اور دیہات میں مردانہ سیشنز کے منتظمین کے طور پر کام کرتے تھے، اور گریجویشن کے طریقہ کار کے بارے میں پہلے سے جانتے تھے۔

1.4 صارف

گریجویشن ماڈل کو این جی اوز، تربیتی اداروں، اور کسی دوسرے پرائیویٹ یا گورنمنٹ ادارے یا فرد کے ذریعے استعمال کیے جانے کی توقع ہے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین اور کم آمدنی والی خواتین کو تربیت، معاونت، یا سرپرستی فراہم کریں گے۔ زندگی کے اصولوں پر کئی ماڈیول مردوں پر بھی لاگو ہوتے ہیں۔ درج ذیل ٹیبل میں صارفین کے اقسام اور ان سے مستفید ہونے والوں کی تفصیل دی گئی ہے

اگر آپ کے مطلوبہ یا مخصوص مستفیدین شہری علاقے میں رہتے ہیں، تو ٹول کٹ کا اربن ورژن استعمال کریں۔ دوسری صورت میں، ٹول کٹ کا رورل ورژن استعمال کریں

ٹیبل نمبر تین: صارفین کی اقسام اور ان کے مطلوبہ یا مخصوص مستفیدین

| صارفین کی اقسام | مطلوبہ یا مخصوص مستفیدین |
|---|---|
| فلاحی یا غیر سرکاری ادارے | ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کا ایک گروپ۔<br>پسماندہ خواتین جو اپنے گھر کو زیادہ مؤثر طریقے سے سنبھالنے کے لیے تیار ہیں۔<br>پسماندہ خواتین جو گھریلو سطح پر یا گھر سے باہر پائیدار معاش کمانے کے لیے تیار ہوں۔<br>وہ مرد اور خواتین جو اپنے گھر کے مالیاتی نظام کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ |
| تربیتی ادارے (ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ) | تربیت یافتہ افراد جو اپنا کاروبار شروع کرنے کے خواہاں ہیں۔<br>تربیت یافتہ افراد جو اپنے کاروبار کے انتظام کے لیے مالیاتی خدمات اور ڈیجیٹل ٹولز استعمال کرنے کے لیے تیار ہیں۔ |


| | |
|---|---|
| پرائیویٹ کمپنیز | خواتین ملازمین یا ممبران جو گھر کو زیادہ مؤثر طریقے سے سنبھالنے کے لیے تیار ہیں۔<br>خواتین ملازمین یا ممبران جو اپنے مالیاتی نظام کے لیے مالیاتی خدمات اور ڈیجیٹل ٹولز استعمال کرنے کے لیے تیار ہیں۔<br>خواتین ممبران جن کو کام کی اخلاقیات اور کاروباری مہارتوں کو بہتر بنانا چاہیے۔ |

بہترین طریقۂ کار: ہم ٹریننگ سیشن میں شرکت کے لیے خواتین کی حوصلہ افزائی کیسے کر سکتے ہیں؟

گریجویشن ماڈل کے ٹریننگ موضوعات میں ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے لیے حوصلہ افزا تکنیکیاں شامل ہیں۔ ہماری حکمت عملی اے، آر، سی ایس۔ آٹینشن، ریلیوینس، کانفیڈنس اور سیٹیسفیکشن ماڈل آف موٹیویشن یعنی توجہ، مطابقت، اعتماد اور اطمینان پر عمل پیرا ہے۔ تربیتی منصوبہ (ٹریننگ پروگرام) تیار کرتے وقت، ان باتوں کو ذہن میں رکھ کہ ہم شرکاء کو ٹریننگ سیشن میں شرکت اور ٹریننگ کی تاثیر کو بہتر بنانے کی ترغیب دے سکتے ہیں۔

Attention, Relevance Confidence & Satisfaction(ARCS) ماڈل (مطابقت، اعتماد اور اطمینان) پر مبنی متاثر کن حکمت عملی ہمیں شرکاء کی دلچسپی کو برقرار رکھنے اور انہیں عملی جامہ پہنانے میں مدد دے سکتی ہے۔

ARCS ماڈل آف موٹیویشن اس خیال پر مبنی ہے کہ سیکھنے کے عمل میں چار اہم عناصر ہیں جو سیکھنے والوں کی حوصلہ افزائی اور اسے برقرار رکھ سکتے ہیں۔ یہ چار عناصر ماڈل کا مخفف ARCS بناتے ہیں اور توجہ، مطابقت، اعتماد، اور اطمینان (ARCS) ہیں۔ ARCS ماڈل چار زمروں میں سے ہر ایک میں حوصلہ افزائی اور اسے برقرار رکھنے کی حکمت عملیوں کی وضاحت کرتا ہے۔




<توجہ>

- ✓ منظم زندگی کی مہارت کا موضوع بہت سے طریقوں کو شامل کرتا ہے، جیسے کہ لیکچرز، کیس اسٹوریز، گروپ میں تبادلہ خیال، رول پلے اور الیسٹریشن یعنی مثالی خاکے یا عکاسی جیسے طریقے بھی شامل ہیں۔ یہ تمام چیزیں ٹریننگ میں تنوع شامل کرنے کے لیے ہیں۔
- ✓ مالیاتی خدمات تک رسائی کی اینیمیٹڈ ویڈیوز شرکاء کی توجہ کو اپنی طرف مبذول کرنے اور سیشن کو پر لطف بنانے کے لیے حوصلہ افزائی کا احساس پیدا کرتی ہیں۔
- ✓ آمدنی کو بڑھانے میں مدد کے ٹریننگ سیشن ایک تعارفی سوال کے ساتھ شروع ہوتے ہیں جو شرکاء کی دلچسپی کو بڑھانے اور ٹریننگ کے بارے میں پوچھ گچھ کرنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔

<مطابقت>

- ✓ منظم زندگی کی مہارتوں کے موضوع میں ویڈیوز شامل ہیں جو کہ روزمرہ کے معملات پر بنی ہوئی ہیں جو شرکاء کو ان کے مسائل کو مزید ٹھوس بنانے کے لیے واقفیت دیتی ہیں۔ ویڈیوز دیکھنے کے بعد، شرکاء تبصرے کے دوران اپنے مسائل اپنے الفاظ کے زریعے سے غور کر سکتے ہیں۔ اسی طرح کی حکمت عملی استعمال کی جائیں گی۔
- ✓ آمدنی کو بڑھانے میں مدد کی ٹریننگ ہر شرکاء کو انفرادی کاروباری منصوبہ بنا کر اپنے مقاصد کا تعین کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔

<اعتماد>

- ✓ تمام عناصر کے لیے باقاعدہ فالواپ اور کوچنگ شرکاء کے لیے اعتماد کے ساتھ پریکٹس کرنے کے مواقع پیدا کرتا ہے۔

<اطمینان>

- ✓ ریکارڈ رکھنے کے لیے باقاعدہ فالواپ اور کوچنگ شرکاء کو اپنی بچت کے اہداف پر اپنی کوششوں کی نگرانی کرنے کے قابل بناتی ہے۔
- ✓ آمدنی کو بڑھانے میں مدد کے حصے کے طور پر، ہم ان شرکاء کو ضروری اثاثے فراہم کرتے ہیں جنہوں نے ٹریننگ سیشنز اور کوچنگ کے دوران اپنا کاروباری منصوبہ بنایا ہے۔
- ✓ ابتدائی پروگرام تمام سرگرمیوں کے ساتھ گریجویشن سرٹیفکیٹ دینے پر ختم ہوتا ہے۔

گریجویشن ماڈل ARCS کی بنیاد پر شرکاء کی حوصلہ افزائی کو بروئے کار لا کر شرکاء کی شرکت اور ٹریننگ کے استعمال کو یقینی بناتا ہے، جیسا کہ اوپر دی گئی مثالوں سے ظاہر کیا گیا ہے۔

# گریجویشن ماڈل (رورل ورژن)

## کتابچہ برائے صارفین

@2023 جاپان انٹر نیشنل کوآپریشن ایجنسی((JICA

اس کتاب کے جملہِ حقوق جاپان انٹر نیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے پاس محفوظ ہیں۔اور یہ کتاب لائیٹ-ایف منصوبے کا حصہ ہے جو کہ ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ حکومت سندھ، پاکستان کی زیر نگرانی تیار کیا گیا ہے۔گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی معاشی حالات اور فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کے لیے اسے بنایا گیا ہے۔کوئی بھی تنظیم یا فرد مکمل حق واشاعت کے ساتھ اسے استعمال کر سکتا ہے۔تاہم،اس کتاب کے کسی بھی تجارتی استعمال یا ترمیم کی سختی سے ممانعت ہے۔

# گریجویشن ماڈل (رورل ورژن)

# کتابچہ برائے صارفین

## فہرست

1. فہرست برائے ٹول کٹ ........ 4
1.1 منظم زندگی کی مہارتوں کو سیکھنا ........ 4
1.2 منظم زندگی کے لیے اضافی سرگرمیاں ........ 6
(1) فنکشنل لٹریسی کورس ........ 6
(2) مرد اراکین کے لیے سیشن ........ 8
1.3 مالیاتی خدمات تک رسائی کو فروغ دینا (FA) ........ 10
1.4 آمدنی میں اضافے کی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنا (IG) ........ 12
1.5 آمدنی میں اضافے کی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنے کی اضافی سرگرمیاں ........ 15
(1) ڈیجیٹل سیکیورٹی ........ 15
(2) ہنر کی تربیت ........ 16
(3) بیوٹیشن کورس ........ 17
2. عمل درآمد کے لیے اقدامات ........ 17
3. نافذ کرنے کے شرائط اور اسٹرکچر ........ 25
3.1 مطلوبہ مستفیدین کے گروپ) ٹارگٹ گروپ( ........ 25
3.2 عمل درامد کے لیے عملہ ........ 25
3.3 ضروری سامان ........ 28
3.4 ٹریننگ سیشن کی جگہ ........ 28
3.5 لاگت ........ 28
4. سپورٹ سسٹم ........ 30

## 1. فہرست برائے ٹول کٹ

گریجویشن ماڈل کے ٹول (رورل ورژن) میں تین اہم عناصر ہیں:


- منظم زندگی کی مہارتوں کو سیکھنا
- مالیاتی خدمات تک رسائی کو فروغ دینا
- آمدنی میں اضافے کی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنا

تین اہم عناصر کے علاوہ، اضافی اجزاء بھیہیں، یعنی تین ماہ کا کریش لٹریسی کورس، مرد اراکین کے لیے سرگرمیاں، اور بیوٹیشن کورس۔

### 1.1 کمپونںٹ برائے منظم زندگی کی مہارتوں کو سیکھنا

منظم زندگی کی مہارتوں کے آٹھ مضامین ہیں۔ اسے تین مقاصد کے مطابق تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

1) زندگی کی منصوبہ بندی کرنا اور ان کی آمدنی اور اخراجات کا طویل مدت کے تناظر میں بہتر انتظام کرنا۔ 2) زیادہ پیسے کمانے کے لیے پیشہ ورانہ طور پر کام کرنے کے لیے بنیادی طرز عمل کو حاصل کرنا اور اپنانا، اور 3) مختلف روزگار کے مواقع کی آگاہی حاصل کرنا۔ یہ مقاصد (categories) ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں جیسا کہ مندرجہ ذیل خاکہ میں دکھایا گیا ہے۔




آٹھ مضامین کی فہرست مندرجہ ذیل ہیں:

ٹیبل نمبر 1: آٹھ مضامین کی فہرست

| مضامین | مشمولات |
|---|---|
| زندگی کی منصوبہ بندی (حالات زندگی) | دیہی علاقوں میں رہنے والی خواتین (عائشہ) کی طرز زندگی پر نظر ڈالیں اور سوچیں کہ ان کی زندگی میں کن واقعات یا چیزوں کے لیے مالی وسائل کی ضرورت پیش آتی ہے۔ |
| بچت کے فوائد | پچھلے سیشن کا جائزہ لیتے ہوئے، اپنی بچت کے اہداف زندگی کے واقعات کی بنیاد پر متعین کریں جن کے لیے مالی وسائل کی ضرورت ہے۔ بچت کے مختلف طریقے سیکھیں اور ان کی قابلیت یعنی خوبیوں اور خامیوں کی نشاندہی کریں۔ |
| آمدنی اور اخراجات کا اندراج (ریکارڈنگ) | آمدنی اور اخراجات کو درج (ریکارڈ) کرنے کے فوائد جانیں۔ ایک فرضی کھیل (سیمولیشن گیم) کے ذریعے گھر کا بجٹ مختص کرنے کا تجربہ حاصل کریں۔ تقسیم کیے جانے والے کتابچے "فھڑی فھڑی تالاؤ" پر اپنی آمدنی اور اخراجات کو درج (ریکارڈ) کرنے کی مشق کریں۔ |
| کام کی اخلاقیات | کہانی پر مبنی کیس (case study) کے ذریعے گاہک، صارفین اور کاروباری ساجھے دار (شراکت داروں) کے ساتھ نیک سے نمٹنے کی اہمیت، جو بالآخر کاروباری مواقع کی توسیع کا باعث بنے گی۔ |
| ٹیم ورک (منظم کام) | ایک گروہ (ٹیم) کے طور پر کام کرنے کے فوائد جانیں اور کرداروں (رول) کو تقسیم کر کے کھیل کے ذریعے اہداف کے حصول کا تجربہ کریں۔ |
| معیار اور حفظان صحت (صفائی) | ذاتی اور مصنوعات کی حفظان صحت (صفائی) کے انتظام کے اثر کو مصنوعات کی قدر اور قیمتکے لحاظ سے سمجھیں۔ ان علاقوں کا تعین کریں اور ایسے نکات تلاش کریں جہاں آپ اپنی ذاتی حفظان صحت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ |
| وقت کی انتظام کاری | کہانی پر مبنی کیس اور فرضی کھیل (سیمولیشن گیم) کے ذریعے اپنے آرڈر شدہ مصنوعات کی بروقت ترسیل (ڈیلوری) کو یقینی بنانے کا طریقہ سیکھیں۔ |
| خواتین اور روزگار (کیریئر) | خواتین کو ملازمت کے حصول میں درپیش رکاوٹوں پر غور کریں اور مختلف پیشوں میں خواتین کے بارے میں جانیں۔ سیشن کے دوران آپ نے جو کچھ سیکھا اسے اپنی اور اپنے بچوں کی زندگی کے منصوبوں سے جوڑ کر سوچیں۔ |

تربیتی مواد انسٹرکٹرز اور سیشنز کے لیے دستیاب ہے۔ سیشنز کو سہولت کار کے ذریعہ آمنے سامنے ترتیب دیا جاتا ہے جو سیشن پلان میں بیان کردہ اقدامات کے مطابق سیشن کا انعقاد کرتا ہے۔

ٹیبل نمبر 2: منظم زندگی کی مہارتوں کے لیے تربیتی مواد کا خاکہ

| مضامین | تربیتی مواد | | |
|---|---|---|---|
| | ٹرینرز کے لیے | سیشنز کے لیے | مستفیدین کے لیے |
| زندگی کی منصوبہ بندی (حالات زندگی) | ٹریننگ اف ٹرینرز | پینافلیکس (*) | فھڑی فھڑی تالاؤ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بچت کے فوائد | پریزنٹیشن | پینافلیکس | |
| آمدنی اور اخراجات کا اندراج (ریکارڈنگ) | لیسن پلانس (سندھی، انگریزی) | فرضی کھیل کا مواد (سمولیشن گیم میٹیریل) | |
| کام کی اخلاقیات | | پینافلیکس (*) | |
| ٹیم ورک (منظم کام) | | | |
| معیار اور حفظان صحت (صفائی) | | پینافلیکس (*) | |
| وقت کی انتظام کاری | | پینافلیکس (*) | کیلنڈر کم آرڈر ریکارڈنگ |
| خواتین اور روزگار (کیریئر) | | کتابچہ | خواتین اور روزگار کا کتابچہ |

(*) کہانیوں پر مبنی کیس کی سلائیڈ شو ویڈیو موضوع نمبر #1 زندگی کی منصوبہ بندی (حالات زندگی)، نمبر #4 کام کی اخلاقیات، نمبر #6 معیار اور حفظان صحت (صفائی) اور #7 وقت کی انتظام کاری لیے دستیاب ہے۔

1.2 منظم زندگی کی مہارتوں کے لیے اضافی سرگرمیاں



(1) فنکشنل لٹریسی کورس (فعال خواندگی کا نصاب)

کتابچہ 'فھڑی فھڑی تالاؤ' منظم زندگی کی مہارتوں میں متعارف کرایا گیا ہے۔ 3 ماہ کا فنکشنل لٹریسی کورس ان افراد کے لیے ایک مددگار کے طور پر دستیاب ہوگا جو پڑھ لکھ نہیں سکتے۔

ٹیبل نمبر 3: مطالعہ کی اسکیم

| ہفتہ | سندھی کے مضامین | ریاضی کے مضامین |
|---|---|---|
| پہلا ہفتہ | سبق نمبر 1: خواتین | باب نمبر 1: آیئے جمع کریں۔<br>باب نمبر 2: آیئے شمار کرتے ہیں۔ |
| دوسرا ہفتہ | سبق نمبر 2: مارکیٹ<br>سبق نمبر 3: پیسہ | باب نمبر 3: آیئے گھٹانا سیکھتے ہیں۔<br>باب نمبر 4: 10 سے 100 تک کیسے شمار کیا جائے؟ |
| تیسرا ہفتہ | سبق نمبر 4: وقت<br>سبق نمبر 5: جنتری (کیلنڈر) | باب نمبر 5: اکائیاں اور دہائیاں (کیری کے ساتھ)<br>باب نمبر 6: 100 سے 1000 کیسے لکھیں؟ |
| چوتھا ہفتہ | سبق نمبر 6: سورج | باب نمبر 7: میں وقت کا خیال کیوں نہیں رکھ سکتا؟<br>پچھلے ابواب پر نظر ثانی |
| پانچواں ہفتہ | سبق نمبر 7: گاہک یا صارفین<br>سبق نمبر 8: خریدار | باب نمبر 8: لمبائی اور چوڑائی کی پیمائش کیسے کی جائے؟<br>باب نمبر 9: وزن کی اکائیاں |
| چھٹا ہفتہ | سبق نمبر 9: بھروسہ<br>سبق نمبر 10: مشین | باب نمبر 10: لیٹر کیا ہے؟ |
| ساتواں ہفتہ | سبق نمبر 11: لڑائی | باب نمبر 11: ضرب اور پہاڑے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| | سبق نمبر 12: صفائی نصف ایمان ہے۔ | |
| آٹھواں ہفتہ | سبق نمبر 13: کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا | باب نمبر 12 کام کو کیسے تقسیم کیا جائے۔ |
| نواں ہفتہ | سبق نمبر 14: میں گھر کا خرچ کیسے چلاوں؟<br>سبق نمبر 15: بجٹ کی ذمہ داری اور اس کی ضروریات کی اہمیت | باب نمبر 13: کسر |
| دسواں ہفتہ | سبق نمبر 16: حادثے اور طوفان میں انتظام سازی<br>سبق نمبر 17: بھاری آوازیں۔ | |
| گیارواں ہفتہ | سبق نمبر 18: فارمز کا استعمال | |

| | | |
|---|---|---|
|   |   |   |
| سندھ لٹریسی (پڑھنا لکھنا) | سیکھنے والوں کے لیے ریاضی کی نصابی کتاب (سندھی) | ریاضی کتاب برائے ٹریز (سندھی) |

مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر مواد، ایپس، ویڈیوز اور مانیٹرنگ ٹولز موجود ہیں۔

http://www.qadambaqadam.com/

(2) مرد اراکین کے لیے سیشن

مرد اراکین کے لیے ہونے والے سیشن میں 3 اقسام شامل ہیں، یعنی کمیونٹیوں کے اہم مرد اراکین کے لیے واقفیت کے سیشن، ٹریننگ آف ٹریز ز اور گاؤں میں مرد اراکین کے لیے سیشن۔

ٹیبل نمبر 4: مرد اراکین کے لیے سیشن کے مشمولات

| | اہداف | مواد | استعمالہونے والا مواد |
|---|---|---|---|

| | | | |
|---|---|---|---|
| تعارفی پروگرام (آگاہی کا سیشن) | کمیونیٹی کے اہم مرد اراکین | <پریزنٹیشن><br>خواتین اراکین کے لیے گریجویشن ماڈل کی سرگرمیوں کا جائزہ۔<br>'کیا بڑھے گا اور کیا گھٹے گا'، 'میرا گاؤں اور برادری'، 'میرا نشریاتی چینل'<br><اجتماعی مشق><br>'کیا بڑھے گا اور کیا گھٹے گا'، 'میرا گاؤں اور برادری'، 'میرا نشریاتی چینل' | |
| ٹریننگ اف ٹرینرز | کمیونیٹی کے اہم مرد اراکین | <منظم زندگی کی مہارتوں کے چار سیشنز><br>'زندگی کی منصوبہ بندی (حالات زندگی)'،<br>'بچت کے فوائد'، 'آمدنی اور اخراجات کا اندراج (ریکارڈنگ)'، 'خواتین اور روزگار' | وڈیو، فھڑی فھڑی تالاؤ، خواتین اور روزگار کا کتابچہ |
| مردوں کے لیے سیشن | گاؤں کے مرد اراکین | <منظم زندگی کی مہارتوں پر تھیٹر پلے پرفورمنس کے 3 سیشنز><br>'زندگی کی منصوبہ بندی (حالات زندگی)'،<br>'بچت کے فوائد'، 'آمدنی اور اخراجات کا اندراج (ریکارڈنگ)'<br><خواتین اور مرد اراکین کے پیغامات><br>خواتین ممبران کے تجربات شیئر کرنا<br>اہم مرد افراد کے پیغامات شیئر کرنا | تھیٹر پلے پرفارمنس |

## بہترین لائحہ عمل: تبدیلی لانے کے لیے کتابچہ کا دلکش نام
## 'فھڑی فھڑی تالاؤ'

کتابچہ کا نام، فھڑی فھڑی تالاؤ، جس کا مطلب ہے 'بوند بوند دریا' مستفیدین کو اچھی طرح یاد ہے۔ فھڑی فھڑی تالاؤ تین حصوں پر مشتمل ہے. زندگی کی منصوبہ بندی (حالات زندگی)، بچت کے فوائد، آمدنی اور اخراجات کا اندراج (ریکارڈنگ)۔ ایک بار جب استفادہ کنندگان نے بچت کا منصوبہ بنالیا، تو وہ اپنے مقاصد تک پہنچنے کے لیے بتدریج رقم بچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کتابچے کا عنوان اس مرحلہ وار طریقے کو ظاہر کرتا ہے۔
مستفیدین اپنے بچت کے اہداف تک پہنچنے پر کامیابی اور خوداعتمادی کے احساس کا لطف اٹھاتے ہیں۔ بچوں کی تعلیم، حج، کاروباری سرمایہ کاری، گھروں کی تعمیر، مویشیوں کی خرید و فروخت وغیرہ مستفیدین کی بچت کے مقاصد میں شامل ہیں۔ یہ نہ صرف مستفیدین خواتین کے لیے بلکہ ان کے اہل خانہ کے لیے بھی قابل دید کامیابی ہے۔

'شروع میں، میرے والد مجھ سے ناراض تھے کہ میں فھڑی فھڑی تالاؤ' پر ریکارڈ رکھنے میں مصروف تھی۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ ایسا کرنے کا کیا فائدہ۔ مہینے کے آخر میں جب میں نے اپنی بچائی ہوئی رقم کے 2000 روپے انہیں دے دیے تو وہ حیران ہوئے اور میری سرگرمی کی تعریف کی۔

آمدنی اور اخراجات کا تصور کرنے سے مستفیدین کے طرز عمل میں بھی تبدیلیاں آئیں ہیں۔

'اب ہم بچوں کی صحت پر توجہ دے رہے ہیں اور وہ چیزیں نہیں خریدتے جو انہیں بیمار کرتی ہیں۔ دواؤں کی رقم بھی ہماری بچت ہے۔

''اب ہم نے دکاندار کو نوٹ کرنا شروع کر دیا ہے کہ ہم نے اسے کتنی رقم ادا کی ہے اور اس نے کتنی رقم واپس کی ہے، ہم نے اپنی خریداری کی رسیدیں بھی مانگنا شروع کر دی ہیں۔ اس سے پہلے دکاندار ہم سے زیادہ قیمت وصول کرتے تھے اور ہم سے زیادہ قیمت ادا کرنے کو کہا جاتا تھا لیکن اب وہ رسیدوں کی وجہ سے ہم سے مناسب قیمت وصول کر رہے ہیں۔

'اس سے پہلے ہم بچوں کی کتابوں اور پینسلوں کے لیے دوسروں سے پیسے ادھار لیتے تھے لیکن اس مشق کے بعد ہم اسٹیشنری کے لیے پیسے بچا لیتے ہیں'۔

<مؤثر نفاذ کے لیے نکات>

آمدنی اور اخراجات کے حصے میں ایک صفحے پر اخراجات کے زمرے کا ماہانہ خلاصہ شامل ہے۔ اس درجہ بندی کو کچھ شرکاء کے لیے سمجھنا مشکل ہے۔ اخراجات کے پیٹرن کو جانچنے کے لیے، تاہم، اخراجات کا خلاصہ اور تجزیہ کرنا ضروری ہے۔ مستفیدین کو اس عمل کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

بہترین لائحہ عمل: تصاویر اور کیس سٹوریز کا استعمال

۔اس طریقے سے شرکاء کو اچھی طرح سے سمجھ آجاتا ہے، اور ہر ایک شرکاء کو کہانی یاد رہتی ہے.

<عائشہ کی کہانی>

'عائشہ' کا کردار ایک گاؤں کی عورت کی زندگی کی کہانی بیان کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ خواتین مستفیدین عائشہ کی زندگی سے وابستگی محسوس کرتی ہیں اور اس کی کہانی سے اپنائیت محسوس کرتی ہیں۔

عائشہ کی کہانی نہ صرف مستفید ہونے والوں کے لیے ایک جانی پہچانی کہانی ہے بلکہ ان کے لیے ایک مثال بھی ہے۔




ایک مرد مستفید نے کہا کہ،

'ہم عائشہ کی کہانی کو فالو کر رہے ہیں۔ اس نے اپنی زندگی اچھی طرح گزاری۔ اس نے اپنی بیٹیوں کی تعلیم کے لیے کاروبار بڑھایا۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری بیٹیاں بھی عائشہ کی طرح زندگی گزاریں۔

سیکھے گئے اسباق: حقیقی واقعات کے ذریعے سیکھنے کے عمل کی تقویت

<ہنگامی حالات کے لیے بچت>

پائلٹ سر گرمیوں کے دوران، مستفیدین کو بد قسمتی سے دو آفات کا سامنا کرنا پڑا، یعنی COVID-19 وبائی بیماری اور سیلاب۔ "بچت کے فوائد" سیشن میں ھنگامی حالات میں بچت کی اہمیت سکھائی جاتی ہے۔ کئی مستفیدین نے مشکل وقت میں اپنی بچت کا استعمال کیا اور انہیں ھنگامی حالات میں بچت کی اہمیت کے بارے میں یاد دلایا گیا۔



<کام کا نظم وضبط>

۔تاہم، ملک کی سپلائی چین کے دیگر اراکین کے درمیان کام کے نظم وضبط کی پابندی (ورک ڈسپلن) کو عمومی طور پر رائج نہیں کیا جاتا ہے، جس سے مستفیدین کے درمیان رویے میں تبدیلی ہونے کے امکان کم ہو جاتے ہیں، جیسا کہ ہم نے ہنگامی بچت کے معاملے میں دریافت کیا ہے۔

1.3 مالیاتی خدمات تک رسائی کو فروغ دینا(FA)

ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین میں بڑی صلاحیت موجود ہے کہ وہ مالیاتی مصنوعات اور خدمات کا استعمال کر کے اپنے کاروبار کو بڑھا اور اپنی روزمرہ کی زندگی کو بہتر بنا سکتی ہیں۔ تاہم، انہیں مارکیٹ میں دستیاب مالیاتی مصنوعات اور خدمات کی معلومات تک رسائی حاصل کرنے میں دشواری ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، نئی ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتے وقت ان کے پاس نفسیاتی رکاوٹیں ہوتی ہیں (یعنی وہ مکمل طور پر ٹیکنالوجیز کو استعمال کرنے میں دشواری کا سامنا کرتی ہین)، جبکہ وہ ان عظیم مواقع کو حاصل کر کے اور ان کا استعمال کر کے اپنے کاروبار کے دائرہ کار کو بڑا بنا سکتیں ہیں۔ ان ہدف سے مستفیدین کی مالی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے، گریجویشن ماڈل پرکشش اینیمیشن ویڈیو سیریز فراہم کرتا ہے تاکہ مالیاتی مصنوعات اور خدمات کے بارے میں آسان طریقے سے شرکاء جان سکیں۔ اس سیریز میں 6 مختصر ویڈیوز شامل ہیں جو سکھر میں رہنے والی عائشہ اور اس کی بیٹی بشریٰ کی کہانی اور آن لائن زیورات فروخت کرنے میں ان کی کامیابی کو بیان کرتی ہیں۔ مندرجات متعلقہ ہیں اور زندگی کی منصوبہ بندی اور آمدنی کو بڑھانے کی طریقے میں اضافہ کرتے ہیں۔

تربیتی مواد انسٹرکٹرز اور ٹریننگ سیشنز انعقاد کے لئے دستیاب ہے۔ سیشن کو سہولت کار کے ذریعے آمنے سامنے ترتیب دیا جاتا ہے جو سیشن پلان میں بیان کردہ اقدامات کے مطابق سیشن کا انعقاد کرتا ہے جو 'انسٹرکٹر گائیڈ (کتابچہ برائے ٹرینرز)' میں بیان کردہ رہنمائی کے مطابق سیشن کا انعقاد کرتے ہیں۔ لطف اندوز آن لائن گیمز سیشن کے مضوعات کی سمجھ کی سطح کا اندازہ لگانے کے لیے بھی دستیاب ہیں۔

ٹیبل نمبر 5: ویڈیو سیریز کے مشمولات

| ویڈیو کے عنوان | مشمولات | تربیتی مواد | |
|---|---|---|---|
| | | انسٹرکٹر کے لیے | سیشن کے لیے |
| 1. میرا پہلا اسمارٹ فون | زندگی کی منصوبہ بندی اور کاروبار کے لیے بچت کی اہمیت<br>زندگی کی منصوبہ بندی کے موضوع 'بچت کے فوائد' سے متعلق | کتابچہ برائے ٹرینرز (انگلش اور اردو) | سیشن پریزنٹیشن (انگلش، اردو اور سندھی) |
| 2. میری پہلی ویب سائٹ | بجٹ (لاگت، منافع) کا حساب<br>آمدنی کو بڑھانے کے موضوع 'لاگت اور منافع' سے متعلق | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3. میری پہلی فروخت | ڈیجیٹل ادائیگی اور ڈیجیٹل بینکنگ کے فنکشن اور فوائد | | • اینیمیشن ویڈیو (اردو اور سندھی) انگلش سب ٹائٹل کے ساتھ<br><br>• آن لائن گیم |
| 4. میرا پہلا قرض | کریڈٹ مینجمنٹ<br>رسمی اور غیر رسمی قرض لینے والے طریقے کے درمیان موازنہ | | |
| 5. میرا بڑا آڈر | کاروبار کی توسیع کے لیے قرض حاصل کرنے کے فوائد اور خدشات<br>قرض لینے کے اچھے رویے اور کریڈٹ سکور | | |
| 6. میرا بین الاقوامی ایوارڈ | بچت کے طریقوں کا موازنہ<br>ڈیجیٹل بینکنگ میں بچت کے فوائد<br>ڈیجیٹل کمیٹی کا تعارف | | |

بہترین طریقہِ کار: 'ایجو ٹینمینٹ' (محضوز تعلیمی طریقے کا مخفف) سیکھنے والوں کو متوجہ کرنے کے لیے موثر طریقہ۔

بہت سے سابقہ مطالعات سے یہ پتہ چلا ہے کہ اس بات کا کوئی واضح ثبوت نہیں ہے کہ روایتی کلاس روم پر مبنی مالیاتی تعلیم نے طلباء کے مالی رویے کو تبدیل کیا ہے۔ بہر حال، بہت سی قوموں میں، تعلیمی مواد جس میں تفریحی عناصر شامل ہیں، اہم پیغامات پہنچانے ہیں بہت ہی کارگر ثابت ہوئے ہیں۔ مثال کے طور پر، پاکستانی ٹیلی ویژن ڈرامہ سیریز رہائی، جو کہ ایک مائیکرو فنانس بینک کے ساتھ مل کر تیار کی گئی ہے، یہ ڈرامہ سیریز گاہکوں کے حقیقی زندگی کے مسائل جیسے کہ جوا کھیلنا، قرض سے نکلنا وغیرہ، پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ ایک نشریاتی تحقیق (پوسٹ براڈکاسٹ سروے) نے انکشاف کیا کہ ڈرامے کے بعد ناظرین نے زیادہ سمجھدار اور موثر مالیاتی انتظام میں مشغول ہونا شروع کر دیا ہے۔

سکھر کے ابتدائی سرگرمیوں والے علاقوں میں (پائلٹ ایکٹیویٹی ایریا)، مستفیدین کی اکثریت ناخواندہ تھی اور ان کی تعلیم کی سطح بہت کم تھی۔ پروجیکٹ نے ایک ویڈیو سیریز تیار کی ہے جس میں دیہی علاقوں کی خواتین کے سفر کو دکھایا گیا ہے جو کامیاب کاروباری خواتین بن چکی ہیں۔
سیشن کے شرکاء نے کہا کہ وہ لطف اندوز ہوتے ہیں اور مواد پر توجہ مرکوز کرتے ہیں کیونکہ وہ کردار سے اپنائیت محسوس کرتے ہیں اور انہوں نے یہ سب کھیل کے زریعے سیکھا ہے۔ 'بشریٰ' ایک عام گاؤں کی لڑکی سے مختلف نہیں ہے، جسے کیئیفطری یا جسمانی اور سماجی مشکلات کا سامنا ہے۔ ویڈیو دیکھنے والے بہت سے مستفیدین نے کہا،

بشریٰ میری جیسی ہے۔ اگر بشریٰ کر سکتی ہے تو میں کیوں نہیں کر سکتی؟

پائلٹ پروجکٹ میں ڈیجیٹل اور تفریحی تربیتی مواد کا استعمال بہت مؤثر ثابت ہوا ہے اور اس کی تجویز بھی کی جاتی ہے۔






### 1.4 آمدنی پیدا کرنے والی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنا(IG)

دیہی علاقوں میں ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین میں خواندگی اور تعلیم کی شرح بہت کم ہے، ساتھ ہی میں مطلوبہ معلومات اور آمدنی پیدا کرنے کے مواقعے تک رسائی محدود ہے۔آمدنی کو بڑھانے میں مدد کی ٹریننگ کے عناصر معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو ایک چھوٹے کاروبار کو چلانے کے لیے ضروری علم کا ایک بنیادی اور جامع اور مکمل پیکج فراہم کرتا ہے۔ پائلٹ سرگرمیوں سے پتہ چلتا ہے کہ دیہی علاقوں میں بہت سی خواتین جو معاش کے لیے اپنے گھر پر کام کرتی ہیں انہیں لاگت اور منافع کا احساس نہیں ہوتا ہے، جس کی وجہ سے جن مصنوعات کی تخلیق یا پیداوار میں گھنٹے لگتے ہیں۔ان مصنوعات کی بھی قیمتیں نامناسب طے کرتی ہیں اور اس کے نتیجے میں منافعے کی بجائے نتیجتاً نقصان ہوتا ہے۔ سکھر میں پائلٹ سرگرمی نے توجہ مرکوز موضوع نمبر چار، پانچ اور دس یعنی لاگت اور منافع، قیمتوں کا تعین، اور ڈیجیٹل مارکیٹنگ پر کی ہے۔ جس کو مطلوبہ مستفیدین کی ضروریات کے مطابق بنایا گیا ہے۔ درحقیقت، بعض مضامین مخصوص مستفیدین کے لیے اکثر غیر متعلقہ ہوتے ہیں اور انہیں سمجھنا بھی مشکل ہوتا ہے، تربیت کے ماہرین کو صرف ان مضامین کا انتخاب کرنا چاہیے جو مستفیدین کی ضروریات کے مطابق ہوں حالانکہ یہ بات ہر مستفیدین پر لاگو نہیں ہوتی اور ہر ایک کی صورت حال پر منحصر ہے۔

مضامین کے مشمولات درج ذیل ہیں:

ٹیبل نمبر10:6 مضامین کے مشمولات

| مضامین | مشمولات |
|---|---|
| آبیارِی خیالات(آئیڈیا نکالنا) | مسابقتی ہونے کے لیے، مستفیدین اسکیمپر scamper)) کے ایک مقبول فریم ورک کا استعمال کرکے نئے کاروباری آئیڈیاز کے بارے میں سوچنا سیکھتے ہیں۔ |
| کاروبار کی منصوبہ بندی | "BUSINESS MODEL CANVAS"" اور "LEAN CANVAS" کی بنیاد پر ایک آسان ڈیزائن ٹول متعارف کروائیں۔ شرکاء مثالی کیس کے ذریعے تبصرہ کرکے فریم ورک کے تمام آئٹمز کو بھر کر منصوبہ کیسے بنایا جائے سیکھیں گے۔ |
| ترسیل و فروخت اور فروغ | شرکاء کی توجہ مرکوز کرتے ہوئے مارکیٹنگ کی سرگرمیوں کی مختلف مثالیں 'فروخت کو بہتر بنانے' پر شیئر کریں۔<br>اس عمل میں، تربیتی مواد 'صارفین کے نقطہ نظر' کی عکاسی کرتا ہے۔ |
| لاگت اور منافع | لاگت اور منافع کا حساب لگانا سیکھیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| قیمتوں کا تعین | قیمتوں کے تعین کے لیے تین ضروری نقطہ نظر کو سمجھیں۔ | |
| مذاکرات | کامیاب مذاکرات کے لیے ضروری تیاری کی چیزیں سیکھیں۔ | |
| گاہک سے مواصلات/رابطہ | مثالی کیس پر تبصرہ کرتے ہوئے، صارفین کے ساتھ اچھے تعلقات استوار کرنے کا طریقہ سیکھیں۔ | |
| کاروباری حساب کتاب لکھنا | کاروباری کھاتے کو گھر کے کھاتے سے الگ درج (ریکارڈ) کرنے کا طریقہ سیکھیں۔ | |
| نقد رقم کی آمد اور اخراج کی منصوبہ بندی | پریکٹس کے ساتھ مالیاتی منصوبہ بندی بنانے کا طریقہ سیکھیں۔ | |
| ڈیجیٹل مارکیٹنگ | اسمارٹ فون کا استعمال کیسے کریں | اسمارٹ فون کو چلانے کے طریقے کے بارے میں بنیادی معلومات، بشمول فون کالز کرنے، روابط محفوظ کرنے، ایپس ڈاؤن لوڈ کرنے کا طریقہ۔ |
| | بنیادی ایپ: یوٹیوب | یوٹیوب کا تعارف، وہ معلومات اور مواد کیسے تلاش کریں جو وہ چاہتے ہیں، جو دستکاری کی تیاری کے لیے ضروری ہے۔ |
| | بنیادی ایپ: واٹس ایپ | بنیادی افعال کا تعارف، پیغام بھیجنے اور گاہکوں کے ساتھ بات چیت کرنے کا طریقہ۔ |
| | بنیادی ایپ: فیس بک | بنیادی افعال کی ہدایات، اپنا اکاؤنٹ کیسے کھولیں، مضامین پوسٹ کریں، اور آن لائن مارکیٹ پلیٹ فارم کے ذریعے مصنوعات فروخت کریں۔ |

تربیتی مواد ٹرینرز (انسٹرکٹرز) اور ٹریننگ سیشنز کے لیے قابل رسائی ہے۔ سیشن ان ٹرینرز کے روبرو منعقد کیے جاتے ہیں جو 'انسٹرکٹر گائڈ' میں دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہیں۔ شرکاء کے لیے، ہر مضمون کے لیے سمری ویڈیوز فراہم کی گئی، جن کے ذریعے وہ تربیت کے بعد اہم چیزیں سیکھ کے نکات کا فوری جائزہ لے سکتے ہیں۔

ٹیبل نمبر 7: آمدنی پیدا کرنے والی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنے کے لیے تربیتی مواد کا خاکہ

| مضامین | تربیتی مواد | |
|---|---|---|
| | معلم کے لیے | سیشن کے لیے |
| آبیاریِ خیالات (آئیڈیا نکالنا) | کتابچہ برائے ٹرینرز (انگلش اور اردو) | سیشن پریزنٹیشن (اردو اور سندھی)<br>خلاصہ ویڈیو<br>مالیاتی فارمیٹ |
| کاروبار کی منصوبہ بندی | | |
| ترسیل و فروخت اور فروغ | | |
| لاگت اور منافع | | |
| قیمتوں کا تعین | | |
| مذاکرات | | |
| گاہک سے مواصلات/رابطہ | | |
| کاروباری حساب کتاب لکھنا | | |
| نقد رقم کی آمد اور اخراج کی منصوبہ بندی | | |
| ڈیجیٹل مارکیٹنگ | | |

بہترین لائحہ عمل: منافع میں اضافے کے لیے لاگت کا حساب اور قیمت کا تعین

'لاگت اور منافع' کے سیشن میں، شرکاءنے سیکھا کہ لاگت کے حساب میں کن اخراجات کو شامل کیا جانا چاہیے اور قیمتوں کے تعین کے سیشن میں شرکاءنے قیمتوں کا تعین کیسے کیا جائے اور لاگت کے بارے میں سیکھا۔ نتیجے کے طور پر، کچھ خواتین اپنی مصنوعات کی لاگت کا دوبارہ حساب کرنے اور پہلے سے زیادہ منافع کمانے میں کامیاب ہوئیں۔ سکھر کے پائلٹ میں شرکت کرنے والوں کی اکثریت نے لاگت کا حساب نہیں لگایا اور من مانی طور پر اپنی دستکاری کی قیمتیں مقرر کیں، جس کے نتیجے میں ایسی اشیاء بنانے میں کئی دن گزارنے کے باوجود خسارہ ہوا۔ تربیت حاصل کرنے کے بعد، انہوں نے محسوس کیا کہ انہیں نہ صرف مواد کی قیمت، بلکہ نقل و حمل اور کوریئر کے ذریعے ترسیل کی لاگت پر بھی غور کرنا چاہیے۔ انٹرنیٹ پر مدمقابل مصنوعات کی قیمتوں پر تحقیق کرکے مناسب قیمتیں مقرر کرنا شروع کر دیا۔





1.5 آمدنی پیدا کرنے والی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنے کی اضافی سرگرمیاں

(1) ڈیجیٹل سیکیورٹی

ڈیجیٹل ڈیوائسز اور پلیٹ فارم (devices and spaces) ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے کاروبار کو بڑھانے کے لیے کارآمد ٹولز ہیں۔ تاہم، اس میں نقصانات بھی موجود ہیں. ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین اپنی جنس کی وجہ سے آن لائن ہاریسمینٹ کی زیادہ شکار ہوتی ہیں۔ نتیجتاً، مرد اکثر خواتین کو ڈیجیٹل ڈیوائسز استعمال کرنے سے روکتے ہیں۔ لائٹ-ایف پروجیکٹ میں ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے لیے ڈیجیٹل سیکیورٹی پر ایک سیشن شامل تھا تاکہ انہیں ڈیجیٹل ڈیوائسز کے استعمال سے روکنے کے بجائے محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کے لیے ضروری مہارتوں سے آراستہ کیا جا سکے۔ یہ سیشن مردوں کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

ٹیبل نمبر 9: مضامین کے مشمولات

| مضامین | مشمولات | تربیتی مواد | |
|---|---|---|---|
| | | ٹرینرز کے لیے | سیشن کے لیے |
| تعارف | • سیشن کے مقاصد اور خاکہ سے آگاہ کرنا۔ | تدریسی نکات (انگلش اور سندھی) | سیشن پریزنٹیشن (اردو اور سندھی) |
| حصہ 1: آن لائن ہراساں کرنا اور بدسلوکی | • ہراساں کرنے، آن لائن ہراساں کرنے، رضامندی، اور رازداری کا بنیادی تصور۔<br>• ایک اچھا ساتھی یا اتحادی کیسے بننا ہے۔ | | |
| حصہ 2: آن لائن ہراساں کرنے کی اطلاع دینا | • آن لائن ہراساں کرنے کا قانون۔<br>• آن لائن ہراساں کرنے کی اطلاع کیسے دیں۔ | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حصہ 3: آپ کو اپنے اسمارٹ فون پر سوشل انجینئرنگ کے اٹیک/آن لائن ہراساں ہونے سے بچانے کی مشق | • سوشل انجینئرنگ اٹیک تعارف۔<br>• اسمارٹ فون اور ایپ پر مختلف حفاظتی افعال کا تعارف۔<br>(سوشل انجینئرنگ وہ اصطلاح ہے جو انسانی تعامل کے ذریعے انجام پانے والی بدنیتی پر مبنی سرگرمیوں کی ایک وسیع رینج کے لیے استعمال ہوتی ہے۔) | | |
| حصہ 4: آن لائن فلاح و بہبود | • ڈیجیٹل آلات کا استعمال کرتے ہوئے ذہنی سکون کو برقرار رکھنے کے لیے نکات | | |

بہترین لائحہ عمل: ڈیجیٹل تبدیلی آخری منزل تک پہنچنے کی کلید ہے۔



وبائی مرض covid-19 کے دوران پراجیکٹ کے عملے کے سفر کرنے سے قاصر ہونے کی وجہ سے پراجیکٹ کی سرگرمیاں رک گئیں تھی۔ اس طرح، پراجیکٹ نے مستفیدین کو اسمارٹ فون فراہم کر کے اور سوشل میڈیا کے زریعے اپنی مصنوعات فروخت کرنے کا طریقہ سکھا کر اپنے تمام سیشنز کو ڈیجیٹل پر منتقل کر دیا۔ ابتدائی خوف، الجھن اور ٹیکنالوجی کو استعمال کرنے میں ہچکچاہٹ اور گھر والوں کے اعتراضات کے باوجود شرکاء نے اپنا ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے اور اسے استعمال کرنے کا طریقہ سیکھ لیا تھا اور انہیں پورے پاکستان سے آرڈرز موصول ہونے لگے تھے۔ تعلیم اور بنیادی اساس کی کمی کے باوجود، انہوں نے نئی تکنیکی مہارتوں اور علم کو جذب کرنے کی قابل ذکر صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ مستفیدین نے دور دراز لوگوں کی زندگیوں اور ان لوگوں تک جہاں انفرادی طور پر رسائی نہیں ہو سکتی تھی، ان سب کی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو استعمال کر کے بہترین صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔

'مجھے انسٹا گرام کے ذریعے دستکاری کی مصنوعات بیچ کر اپنے خاندان کی کفالت کرنے پر بہت فخر ہے۔ مجھے اسلام آباد میں ایسے صارفین سے آرڈر مل رہے ہیں جن تک میں پہلے کبھی نہیں پہنچ سکی۔ اب میرا ایک خواب ہے کہ میں اپنی آن لائن دکان کھولوں اور سیلز کو بڑھاؤں۔ -روزینہ، کنڈی گروپ

'مجھے ایک بڑا شک تھا جب پروجیکٹ نے میری بیٹی کو ڈیجیٹل مہارتیں سکھانا شروع کیں، کیونکہ اس میں بہت سے خطرات ہیں۔ اب میں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوں کہ میری بیٹی وہ کر سکتی ہے جو میں نہیں کر سکتا.... !"- سکینہ کے والد، یازہرہ گروپ

(2) ہنر کی تربیت

پیداوار کی مہارتوں کو بڑھانے کے لیے تربیت، جیسے کہ چھپائی، کٹنگ، سلائی، یا رنگوں کا امتزاج یا مرکب، ہدف حاصل کرنے والوں کو مخصوص ضروریات کے مطابق فراہم کی جائے گی۔

مثال: لائٹ-ایف پروجیکٹ نے پیداوار کی تربیت کا ایک سلسلہ فراہم کیا تھا، جو سکھر میں مخصوص مستفیدین کے لیے مصنوعات کی بہتری کے لیے انتہائی ضروری مہارت تھی۔





(3)بیوٹیشن کورس

دیہی علاقوں میں جہاں روزگار کے مواقع کم ہیں، بیوٹیشن بننا ان چند طریقوں میں سے ایک ہے جن سے خواتین آمدنی کو بڑھا سکتی ہیں۔ یہ اضافی تربیتی مواد بنیادی ہدایات فراہم کرتا ہے جس میں پارٹی اور شادی کے میک اپ، ہیئر اسٹائل اور مہندی لگانے کا ہنر شامل ہیں، ان سروسس کی دیہی علاقوں میں بھی زیادہ مانگ یعنی ڈمانڈ ہے۔ خود سے سیکھنے والے طلب علم جو بیوٹی سیلون کا کاروبار شروع کرنے کی بنیادی باتیں سیکھنا چاہتے ہیں، انہیں کراچی کے ایک معروف میک اپ آرٹسٹ کی تیار کردہ 18 ویڈیوز تک رسائی حاصل ہے۔

## 2. عمل درآمد کے لیے اقدامات

مندرجہ ذیل چارٹ مکمل پیکج کے لاگو ہونے کی صورت میں گریجویشن ماڈل (رورل ورژن) کے نفاذ کا ماڈل طریقہ کار دکھاتا ہے۔

| مہینے | منظم زندگی کی مہارتیں | مالیاتی خدمات تک رسائی | آمدنی میں اضافے کی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنا |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ایک مہینہ | مستفیدین کا متحرک اور انتخاب ہونے کا عمل | | |
| | تعارفی پروگرام (آگاہی کا سیشن) | | |
| | گروپ اراکین کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنا | | |
| تین مہینے | ٹرینرز کی تربیت کا انعقاد | ٹرینرز کی تربیت کا انعقاد((TOT | |
| | گاؤں میں سیشن<br><br>'زندگی کی منصوبہ بندی (حالات زندگی)، بجٹ کے فوائد، آمدنی اور اخراجات کی ریکارڈنگ | | |

| مدت | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تین مہینے | مردوں کے لیے واقفیت (آگاہی کا سیشن) | | | |
| | مردوں کے لیے ٹرینرز کی تربیت (TOT) | گاؤں میں مالیاتی سیشن | | |
| | ٹرینرز کی تربیت کا انعقاد (TOT) | | گاؤں میں سیشن<br>لاگت، منافع، قیمت کا حساب | ہنر کی ٹریننگ |
| | گاؤں میں سیشن<br>کام کی اخلاقیات، وقت کی انتظام کاری، خواتین اور روزگار (کیریئر) | | اثاثہ کی منتقلی | |
| چار مہینے | فنکیشنل لٹریسی کورس کے لیے اساتذہ کی تربیت | گاؤں میں کوچنگ | ڈیجیٹل مارکیٹنگ کا سیشن | |
| | مردوں کے لیے سیشن | | بیوٹیشن سیشن | |
| | گاؤں میں فنکیشنل لٹریسی کورس | | | |

## (1) مستفیدین کا متحرک اور انتخاب ہونے کا عمل

مستفیدین کے گروپوں کے منصفانہ اور مناسب انتخاب کا عمل اہم ہے۔ جب پائلٹ پروجیکٹ کا انعقاد کیا گیا تھا تب مندرجہ ذیل انتخاب کے معیارات کو لاگو کیا گیا ہے۔

سکھر پائلٹ سرگرمی میں استعمال کردہ انتخابی معیار۔

<انفرادی اور بنیادی انفراسٹرکچر>

ٹرینر کے لیے مقام تک رسائی، تربیتی سیشن کے لیے مشترکہ جگہ کی دستیابی، سرگرمیوں کو آسانی فراہم کرنے والی سہولیات کی دستیابی، اور مارکیٹ اور مالیاتی اداروں تک رسائی۔

<قابلیت اور اہلیت>

فعال اراکین کی اچھی تعداد، اراکین کی حوصلہ افزائی، کمیونٹی کے اراکین کی رضامندی، مرد اراکین کی شرکت اور تعاون، اراکین کے تقسیم عمر کی بنیاد پر، وقت کی دستیابی، اراکین کی نقل و حرکت (mobility)، ایک گروپ کے طور پر چلنے کی صلاحیت، مواصلات اور رابطے کی صلاحیت، اور دیگر بیرونی تعاون یا امداد۔

<مصنوعات اور مہارت>

مختلف طرح کی مصنوعات اور اس کی اقسام، اراکین کی تکنیکی مہارت، اراکین کا مارکیٹنگ کا تجربہ، اور تکنیکی تربیت کا سابقہ تجربہ۔

| گروپ کے انتخاب کے عمل سے سیکھے گئے نکات |
|---|
| |

1. بیرونی تنظیم کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ
سندھ رورل سپورٹ آرگنائیزیشن (سرسو) نے ماضی میں بہت سے بزنس ڈویلپمنٹ گروپ(BDG) بنائے تھے۔ کچھ گروپ سندھ رورل سپورٹ آرگنائیزیشن(SRSO) کے ساتھ کافی ارسے سے کام کررہے تھے اور کچھ گروپ نئے بنے تھے۔ کسی بھی گروپ پر دوبارہ یا ضرورت سے زیادہ ثالثی (Intervention) کو روکنے کے لیے، ٹیم نے ان بزنس ڈویلپمنٹ گروپ کو منتخب کرنے کی کوشش کی جس پہ دوسرے واہب(other donors) کی جانب سے کم ثالثی یا مداخلت کی گئی۔ تاہم، بیرونی تنظیموں کے ساتھ کام کرنے کا کم تجربہ رکھنے والے گروپ کو کبھی کبھار اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے اضافی کوششوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ بیرونی تنظیم کے طریقہ کار سے ان کی سمجھ اور واقفیت کو تیار ہونے میں کچھ وقت درکار تھا۔ دوسری طرف، وہ لوگ جنہوں نے پہلے کسی تنظیم کے ساتھ تعاون کیا تھا، ان کی گہری سمجھ تھی، جس نے سرگرمیوں کو موثر طریقے سے انجام دینے میں سہولت فراہم کی۔

2. قیادت اور گروپ کی ہم آہنگی
ایک اچھا رہنما سرگرمیوں کو آسانی سے انجام دینے کے لیے اور ان سرگرمیوں میں تمام اراکین کی شرکت کے لیے ضروری ہے۔ ٹیم کو ان گروپ کے ساتھ سرگرمیاں کرنے میں دشواری تھی جن کے اراکین تنازعات میں تھے اور جن کی قیادت سب کو اکٹھا کرنے کے لیے قابل نہیں تھی۔

3. شرح خواندگی
معیار میں اراکین کی تعلیمی حصول یابی کی صطح شامل نہیں تھی کیونکہ آدھے سے زیادہ بنیادی ہدف کے اراکین رسمی تعلیم سے محروم تھے لیکن اعلیٰ تکنیکی مہارت کے مالک تھے۔ بہر حال، تعلیم یافتہ اراکین، مرد اور خواتین کی موجودگی نے سرگرمیوں کو نمایاں طور پر تقویت بخشی اور سہولت فراہم کی۔

## توقع کے خلا کو پُر کرنے کے عمل سے سیکھے گئے لیسن

فیلڈ اسٹاف کو خاص طور پر سرگرمیوں کے آغاز میں سیشن منعقد کرنے کے لیے جدوجہد کرنی پڑی۔ زیادہ تر معاملات میں، اراکین کی بنیادی تشویش آمدنی کو بڑھانے میں تھی، چاہے وہ مفت میں چیزیں فراہم کرنا یا آزاد ذرائع سے فراہم کرنا تھا۔ آمدنی پیدا کرنے کے لیے ثالثی(intervention) کے بغیر منظم زندگی کے سیشنز شروع کرنے سے اراکین کی توقعات میں خلاء پیدا ہو سکتا تھا اور اراکین کو وقت پر جمع کرنا مشکل ہو سکتا تھا۔ مگر جب ایک بار اراکین نے آہستہ آہستہ سیشن کے تربیتی مواد میں دلچسپی پیدا کی یا آمدنی کو بڑھانے کے لیے سرگرمیاں شروع کیں۔ تو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مشکل صورتحال میں بہتری آئی۔

مندرجہ ذیل اسباق ہمارے تجربات سے اخذ کیے گئے ہیں اور نئے گروپس کے لیے سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرتے وقت ان پر غور کیا جا سکتا ہے۔

1) آمدنی پیدا کرنے والی سرگرمیوں کی مشترکہ مداخلت
بزنس ڈویلپمنٹ گروپ آمدنی کو بڑھانے والی سرگرمیوں کی بنیاد پر تشکیل پاتے ہیں۔ اراکین کی بنیادی توجہ ان سرگرمیوں پر ہے جو آمدنی کو بڑھانے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔ متوازی طور پر، منظم زندگی کے عنصر کے ساتھ ابتدائی مرحلے سے آمدنی کو بڑھانے کی سرگرمیوں میں ثالثی سے ٹریننگ سیشن میں ممبران کی دلچسپی بڑھے گی، خاص طور پر ان لوگوں کے درمیان جو کم تجربہ رکھتے ہیں یا بیرونی تنظیموں کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ رکھتے ہیں۔

2)توقعات کے خلا کو پُر کرنے کی کوششیں

اس حقیقت کے باوجود کہ منتخب گروپوں کے لیے تعارفی پروگرام (آگاھی کا سیشن) کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، انتخاب کے وقت اراکین کو سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا جانا چاہیے۔ وہ فیلڈ اسٹاف جو کہ سرگرمیوں سے واقف ہیں وہ مناسب وضاحت فراہم کر سکتے ہیں۔ ابتدائی مرحلے میں، فیلڈ اسٹاف کو اضافی کوشش کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور اراکین کو سرگرمیوں سے واقف کرنے کے لیے زیادہ احتیاط کے ساتھ بات چیت کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ایک بار جب اراکین کو کسی سرگرمی کی اہمیت کا احساس ہو جاتا ہے، تو ان کی دلچسپی اور حوصلہ افزائی بڑھ جاتی ہے۔

(2)تعارفی پروگرام (آگاھی کا سیشن)


سرگرمیاں شروع کرنے سے پہلے، منتخب کردہ مستفیدین کے لیے تعارفی پروگرام یعنی آگاھی سیشن کا انعقاد کیا جاتا ہے، ابتدائی طور پر خواتین شرکاء کے ساتھ اور پھر، سرگرمیوں کے درمیان میں کمیونٹی کے مرد اراکین کے ساتھ۔ سیشن منعقد ہوتا ہے۔ واقفیت کا بنیادی مقصد شرکاء کو آنے والی سرگرمیوں سے واقف کرنا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ، ایسی سرگرمیاں بھی شامل کی جاسکتی ہیں جو ہر شریک کے کرداروں کے بارے میں بھی بتا سکیں۔

| | مرد | خواتین |
|---|---|---|
| مشترکہ مقاصد | آنے والی سرگرمیوں سے واقفیت | |
| اضافی مقاصد | ان موسموں اور دن کے اوقات کی نشاندہی کرنا جن کے دوران شرکاء کی دستیابی ممکن ہو۔ | نشریات کے چینل اور طریقوں کی نشاندہی کرنا تاکہ سرگرمیوں کے بارے میں دوسرے مرد اراکین کو بتا سکیں۔ |

<پروگرام کی مثال>

واقفیت کے پروگراموں کی مثالیں ذیل میں دکھائی گئی ہیں۔

(خواتین ممبران کے لیے ایک پروگرام کی تشکیل (مثال))


Program of Orientation for Female members

| Time | Content |
|---|---|
| 10:00-10:10 | Opening remarks |
| 10:10-10:20 | Ice breaking (Energizer) |
| 10:20-11:10 | **Session 1: Overview of the project and each activities**<br>- Presentation of Overall project and LM, IG and FA activities |
| 11:10-13:00 | **Session 2: Group work**<br>- Group work 1: What will increase and what will decrease?<br>- Explanation of schedule of activities<br>- Group work 2: May daily life and annual event |
| 13:00-14:00 | Lunch break |
| 14:00-15:00 | **Session 2: Assignment to group leaders**<br>- Explanation of assignment to group leaders<br>( Having consensus from group members on participation, a day, time and venue of session )<br>- Mock session<br>- Q&A |
| 15:00-15:10 | Closing remarks |

(مرد اراکین کے لیے ایک پروگرام کی تشکیل (مثال))

**Program of Orientation for Male members**



| Time | Content |
|---|---|
| 9:30-9:45 | Opening remarks |
| 9:45-10:00 | Ice breaking (Energizer) & making a group for group work |
| 10:00-12:00 (including tea break) | Session 1: What we will do in the Project?<br>- Presentation of Overall project and LM, IG and FA activities<br>- Group work: What will increase and what will decrease? |
| 12:00-13:15 | Session 2: My village, community and the Project<br>- Explanation of schedule of activities<br>- Group work: May village and community |
| 13:15-14:15 | Lunch break |
| 14:15-15:45 | Session 3: My dissemination channel<br>- Explanation of expected roles of male key persons<br>- Group work: My dissemination channel<br>- Q&A |
| 15:45-16:00 | Closing remarks |

LIGHT-F

(3) اتفاق رائے پیدا کرنا

ایک بار تعارفی پروگرام (آگاہی سیشن) کا انعقاد ہو جائے تب، گروپ کی قیادت کو تجویز کیا جاتا ہے کہ وہ دیگر اراکین کے ساتھ تعارفی پروگرام یعنی آگاہی سیشن کے تربیتی مواد شیئر کریں اور تربیتی سیشن کے دن اور جگہ پر اتفاق رائے حاصل کریں۔ اہم اور کلیدی مرد اراکین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ خواتین کی سرگرمیوں سے واقفیت کے لیے اہم معلومات کو برادری کے دیگر افراد تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کریں۔

(4) ٹریننگ اف ٹرینرز (TOT)

ٹریننگ اف ٹرینرز نہ صرف ٹرینرز کے لیے ہے بلکہ لیڈرز کے لیے بھی ہے تاکہ وہ سرگرمیوں کے ہموار نفاذ بہ آسانی کر سکیں۔ ٹرینرز کی مندرجہ ذیل تربیت کی منصوبہ بندی اور انعقاد کیا جا سکتا ہے۔

<منظم زندگی کی مہارتیں>

پہلے 5 سیشن کے لیے 2 دن کی ٹریننگ اوف ٹریز زاور ٹریز ز کے لیے اضافی 1 دن۔

دوسرے ٹریننگ اوف ٹریز ز کے لیے 3 سیشنز، 1 دن کے لیے۔

1 دن کے لیے مرد اراکین کے لیے ٹریننگ اوف ٹریز ز۔

>آمدنی میں اضافے کی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنا<

5 دنوں کے ٹریننگ اوف ٹریز ز میں تمام موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا۔ دیہی علاقوں میں لائٹ-ایف پائلٹ کے معاملے میں، صرف 2 عنوانات کا انتخاب کیا جائے گا، لہذا اس میں 1 دن لگے گا۔ (یہ آپ کے منتخب کردہ عنوانات کی تعداد پر منحصر ہے)۔

<مالیاتی خدمات تک رسائی>

ٹریننگ اوف ٹریز ز میں تمام موضوعات کا احاطہ کیا جائے گا ایک دن میں۔

<پروگرام کی مثال>

پروگراموں کی مثال لائٹ-ایف ٹول کٹ ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

**(5) فیلڈ پر ٹریننگ سیشن**

<منظم زندگی کی مہارتیں>

متعدد گاؤں میں خواتین کے لیے سیشن

دیہی سیٹ اپ میں، گاؤں میں 2 ہفتے بعد سیشن منعقد کیے جاتے ہیں تاکہ شرکاء تربیتی مواد کو مکمل طور پر سمجھ سکیں اور اپنی سہولت کے مطابق وقت دے سکیں۔ سیشن کا دورانیہ 1 اور 2 گھنٹے کا ہوتا ہے۔ سیشن کے لیے دن اور وقت کا تعین ہر گروپ کی ترجیحات کے مطابق کیا جاسکتا ہے۔

متعدد گاؤں میں مردوں کے لیے سیشن:

گاؤں میں مردوں کے سیشن منعقد کیے جاتے ہیں تاکہ برادری کے مرد اراکین اپنے اپنے گاؤں اور قریبی جگہ سے آسانی کے ساتھ شرکت کر سکیں۔

مندرجہ ذیل مرد اراکین کے لیے سیشن، پروگرام کی ایک مثال ہے۔ یہ صبح کا پروگرام ہے جو آدھے دن تک جاری رہتا ہے۔

<پروگرام کی مثال>

## Program of Male LM session



| Time | Content |
|---|---|
| 10:00-10:15 | Opening remarks |
| 10:15-10:30 | Ice breaking (Introduction of participants) |
| 10:30-10:50 | **Session 1: Overview of the Project**<br>- Overall project outline<br>- Objective of male session |
| 10:50-12:35 | **Session 2: LM session**<br>- Scene 1: Story of Allahdino (Life course planning)<br>- Scene 2: Conversation between Allahdino & Ghulam Mohammad (Benefit of saving)<br>- Scene 3: Phuri Phuri Tallao & Saving mode ( Income and expenditure recording) |
| 12:35-13:00 | **Session 3: Sharing experience of Light- F project by female members** |
| 13:00-13:20 | **Session 4: Message from male members** |
| 13:20-13:30 | Closing remarks |
| 13:30- | Lunch & distribution of Phuri Phuri Tallao |

LIGHT-F

> مالیاتی خدمات تک رسائی <

تمام 6 موضوعات کو ایک دن یا 2 دن میں بغیر کسی لمبے وقفے کے فراہم کرنے کی تجویز کی جاتی ہے، اس لیے کہ تربیتی مواد ایک کہانی پر مشتمل ویڈیو ہے۔ ویڈیوز دکھانے کے لیے دیہات میں سیشن کرنے کے لیے لیپ ٹاپ یا ٹیبلیٹ پی سی (laptop or tablet PC) ضروری ہے۔ دیہی علاقوں میں انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی (ربط سازی) (internet connectivity) کے مسائل سے بچنے کے لیے، پی سی پر تربیتی مواد کو پہلے سے ڈاؤن لوڈ کرنا بہتر ہے۔

"آمدنی میں اضافے کی سرگرمیوں میں وسعت پیدا کرنا"

روزانہ ایک سے دو عنوانات پر سیشن منعقد کرنے کی تجویز کی جاتی ہے تاکہ شرکاء تربیتی مواد کو مکمل طور پر سمجھ سکیں۔ دیہی علاقون میں لائٹ-ایف پائلٹ نے کل 9 میں سے صرف 2 عنوانات، لاگت / منافع اور قیمتوں کا تعین کا انتخاب کیا تھا، اور ایک ہی دن میں ٹرینگ کا انعقاد کیا۔ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کی ٹرینگ کے لیے، 3 دنوں میں بنیادی 3 عنوانات کا احاطہ کرنا کافی تھا۔ لیکنتقریباً 2 ماہ تک مسلسل فالو اپ اور محتاط دست گیری کی ضرورت تھی بشمول جسمانی طور پر اور آن لائن چینلز کے ذریعے تاکہ بنیادی SNS مارکیٹنگ کو چلانے کے لیےاور مستفیدین کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے آزادانہ طور پر مدد فراہم کی جاسکے۔

(6) اثاثہ کی منتقلی

گریجویشن کے نقطہ نظر کے ساتھ عالمی سطح کا تجربہ بتاتا ہے کہ اثاثہ کی منتقلی کو ہنر اور کاروباری تربیت کے ساتھ ملا کر ایک پائیدار آمدنی بڑھانے والی سرگرمی کے قیام کو فروغ دے کر انتہائی غربت سے پریشان افراد کو مفلسی سے نکال سکتے ہیں۔ عام طور پر، اثاثہ جات کی منتقلی نقد یا اشیاء کی صورت میں کی جاتی ہے۔ تاہم، لائٹ-ایف پروجیکٹ کے معاملے میں، منظم زندگی کی مہارت پر تربیت اور بنیادی کاروبار کی تربیت کے بعد، اسمارٹ فونز اور دستکاری کی تیاری کے لیے خام مال فراہم کیا گیا لیکن جو معیار کے حساب سے پیمانہ طے ہوا ہے

اس بنیاد پر۔ پائلٹ ایریا میں، چند ممکنہ اثاثے ہیں۔ جو آمدنی کے مواقعے کو بڑھا سکتے ہیں۔ سمارٹ فونز کو ایک چھوٹا کاروبار شروع کرنے کا سب سے مؤثر ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ جس کے لیے اپ معلومات اکٹھا کر کے اور مارکیٹ تک رسائی حاصل کر کے ایک کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔

اثاثوں کی منتقلی ہدف والے علاقوں کی صورتحال اور ماحول کے ساتھ ساتھ پروجیکٹ کے دستیاب بجٹ پر مبنی ہو گی۔

(7) کوچنگ

ممبران کو کچھ عرصہ کے لیے کوچنگ فراہم کی جاتی ہے۔ فیلڈ اسٹاف مسلسل فالو اپ کے زریعے فھڑی فھڑی تالاؤ یعنی بوند بوند دریا کے مشورے فراہم کیے جاتے ہیں۔ باقاعدہ کوچنگ کے علاوہ، مندرجہ ذیل چار مراحل کے ذریعے گروپ ممبران کے مسائل اور ممکنہ حل کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ عملہ (فیلڈ اسٹاف) اراکین کی مدد کرتے ہیں کہ وہ متعلقہ بیرونی تنظیموں اور اداروں کے ساتھ مل کر ان کے مسائل کو حل کر سکیں۔

| عنوانات | جائزہ برائے موضوعات |
|---|---|
| کوچنگ سیشننمبر ایک 'ان مسائل کی نشاندہی کریں جن کو حل کرنے کی ضرورت ہے' | کوچنگ سیشن نمبر ایک کا انعقاد ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو منظم زندگی کی مہارتوں پر سیشنز کے ذریعے حاصل ہونے والی خود آگاہی کی اہمیت سے آگاہ کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔<br>اس سیشن کا مقصد منظم زندگی کی مہارتوں پر سیشنز کے ذریعے حاصل کیے گئے علم کا جائزہ لینا اور ان مسائل پر مزید بات چیت کی سہولت فراہم کرنا ہے جو وہ اپنی زندگی کو بہتر بنانے کے لیے حل کر سکتی ہیں۔ |
| کوچنگ سیشننمبر دو 'ممکنہ اقدامات کی نشاندہی کریں جن پر عمل کیا جا سکے' | کوچنگ سیشن نمبر دو معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کے لیے منعقد کیا جاتا ہے تاکہ ممکنہ گروپ ممبر / کمیونٹی پر مبنی اقدامات کے لیے آئیڈیاز پیدا کیئے جا سکیں۔ سیشن کا مقصد ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے کہ وہ اپنے مسائل کو خود سے حل کرنے کے لیے نئے خیالات کو سوچیں چاہے اپنی سطح پر حل کریں یا بیرونی اداروں کی مدد سے حل کریں۔ اس میں کوئی مضحکہ نہیں کہ وہ اپنے مسائل حل کرنے کے لیے کسی ایسے شخص یا ادارے کی مدد لیں جو مسائل کا مکمل تجزیہ کر کے ان مسائل کا حل تجویز کرے۔ |
| کوچنگ سیشن نمبر تین 'عمل درآمد میں آسانی پیدا کرنا' | کوچنگ سیشن نمبر تین کا انعقاد ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی سرگرمیوں اور اقدامات کو نافذ کرنے کے لیے ضروری تعاون فراہم کرنے اور نگرانی رکھنے کے لیے کیا جاتا ہے تاکہ پچھلے سیشن میں نشاندہی کیئے گئے مسائل کو حل کیا جا سکے۔ اس سیشن کا مقصد ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو وہ معلومات فراہم کرنا ہے جس کی وجہ سے وہ اپنا کام جاری رکھ سکیں |
| کوچنگ سیشن نمبر چار 'عمل درآمد کا اندازہ کرنا' | کوچنگ سیشن نمبر چار کا انعقاد ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کی طرف سے نافذ کردہ سرگرمیوں یا اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ سیشن ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو اپنی سرگرمیوں کا جائزہ لینے اور خود منتخب کردہ سرگرمیوں کی افادیت کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کرے گا۔ مزید برآں، ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین کو تشخیص کی بنیاد پر اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کی ترغیب دے گا۔ |

(8) لٹریسی کورس

منظم زندگی کے سیشنز کی تکمیل کے بعد، تین ماہ کا خواندگی کا نصاب منعقد کیا جاتا ہے۔ خواندگی پروگرام میں اساتذہ کی 5 دن کی تربیت، 3 ماہ کا خواندگی کا نصاب، اور ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن، سکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈیپارٹمنٹ، سندھ کے زیر انتظام حتمی امتحان شامل ہے۔

## 3. نافذ کرنے کے شرائط اور اسٹرکچر

### 3.1 مطلوبہ مستفیدین کے گروہ (ٹارگیٹ گروپ(

مؤثر سیشن کے نفاذ اور فالواپ کے لیے مستفیدین کے گروپ میں زیادہ سے زیادہ تقریباً 20 اراکین ہو سکتے ہیں۔ ایک قابل، مضبوط اور انتہائی حوصلہ افزا رہنما کی موجودگی فائدہ مند ہوگی۔

### 3.2 عمل درامد کے لیے عملہ

گاؤں میں سیشن منعقد کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اہلکاروں کی ضرورت ہوگی۔ یہ ایک پائلٹ پروگرام کی مثال ہے۔ جس میں 20 بزنس ڈویلپمنٹ گروپس کے 450 کل مستفیدین ہیں۔ (ہر گروپ میں 20-30 ارکان ہوتے ہیں)۔

ٹیبل: گریجویشن ماڈل کو نافذ کرنے کے لیے ضروری اہلکاروں کی فہرست

| اہلکار کے عہدے | ذمہ داری | مطلوبہ اہلیت |
|---|---|---|
| پروجیکٹ مینیجر | • مجموعی طور پر آپریشن کے معاملات سنبھالنا۔ | |
| کمیونٹی موبلائزر | • سیشنز کی منصوبہ بندی۔<br>• مستفیدین کو متحرک کریں۔<br>• سیشنز کا انعقاد کریں۔<br>• مستفیدین کو کوچنگ فراہم کریں۔ | • گاؤں میں بات چیت کرنے اور سیشن منعقد کرنے کے لیے، عملے کا خاتون ہونا ضروری ہے (حالانکہ مرد عملے کی موجودگی، مرد برادری کے اراکین کے ساتھ بات چیت کے لیے بہتر ہے)۔<br>• مقامی زبان پر اچھی گرفت۔<br>• کمیونٹی کے ارکان کے ساتھ اچھی بات چیت اور ہم آہنگی کی مہارت ہونا ضروری ہے۔ |
| موضوع کے ماہر ٹرینرز (ڈیجیٹل مارکیٹنگ، بیوٹیشن) | • ایسے سیشنز کا انعقاد کریں جن میں خصوصی مہارت اور علم کی ضرورت ہو۔<br>• مستفیدین کو کوچنگ فراہم کریں۔ | • مخصوص تربیتی مواد کو سکھانے کے لیے اچھا علم اور مہارت ہونا ضروری ہے۔ |

بہترین لائحہ عمل: خواتین فیلڈ اسٹاف کے طریقہ کار کا اثر

گریجویشن ماڈل کے کامیاب نفاذ کے لیے، ایک کمیونٹی موبلائزر جس نے ایک موبلائزر، ایک ٹرینر، اور مستفیدین کے لیے ایک سرپرست کے طور پر متعدد کردار ادا کیے ہیں، یہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ کمیونٹی موبلائزر حوصلہ افزائی اور ہمت فراہم کرنے، مستفیدین کو سننے، علاوہ اس کے مستفیدین اور برادری کے درمیان اعتماد کو فروغ دینے میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جن لوگوں کو اس عہدے پر فائز کیا جائے گا ان کو اس ذمہ داری سے آگاہ کیا جانا بہت ضروری ہے اور اس کی اہمیت کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔



برادری کو متحرک کرنے والا (کمیونٹی موبلائزر) ایک عورت کے طور پر بھی ایک اھم کردار ادا کرتا ہے۔ متعدد دیہی خواتین عام طور پر کہیں دوسری جگہ نہیں جا سکتی ہیں۔ ابتدائی طور پر، کمیونٹی کے اراکین اپنی خواتین کے لیے اپنے گاؤں سے باہر سفر کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں۔

گاؤں کے ایک مرد رکن نے ذکر کیا کہ:

'پہلے، ہم سفر کے لیے خواتین کے بارے میں بہت سخت تھے۔ محترمہ XX نے ہمیں ہماری خواتین کو سفر کی اجازت دینے پر راضی کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم بھی کسی کی بیٹی ہیں۔ آپ کی کمیونٹی کی خواتین باہر سفر کیوں نہیں کرتیں؟ مختلف سیشنز سے مجھے معلوم ہوا کہ خواتین باہر جا سکتی ہیں۔ پروجیکٹ اسٹاف بھی کسی کی بیٹی ہے۔ وہ قابل احترام ہیں۔ اب مجھے لگتا ہے کہ خواتین کے باہر جانے پر پابندی بے کار ہے۔

خواتین فیلڈ اسٹاف کے بہترین طریقہ کار کے اثر نے دیہی خواتین کی بڑھتی ہوئی آمد و رفت میں اضافہ کیا۔

بہترین لائحہ عمل: 'فیملی اپروچ (خاندانی نقطہ نظر)- مرد ممبران کی شمولیت'

چونکہ ذریعہ معاش کے لیے گھریلو سطح پر کام کرنے والی خواتین بنیادی ہدف ہیں، سیشنز اور سرگرمیاں بنیادی طور پر خواتین اراکین کے لیے ڈیزائن کی گئی تھیں۔ اس کے علاوہ، گریجویشن ماڈل میں فیملی اپروچ یعنی کہ گھریلو طریقہِ کار، یا سرگرمیوں میں مرد اراکین کی شرکت شامل ہے۔ پدرانہ سماجی ماحول میں (پدرانہ سماجی ماحول یعنی معاشرے کا ایک ایسا نظام جس میں مرد اقتدار پر ہوں اور عورتیں اس سماج میں فیصلوں میں حصہ نہیں لے سکتی ہوں)، ایسے ماحول میں گریجویشن ماڈل کی وجہ سے گھر کے مرد اراکین خواتین کی سرگرمیوں کو آسان بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ اخلاقی



طور اور جسمانی طور پر اپنی خواتین ممبران کی حوصلہ افزائی کر کے ان کی شرکت کی حمایت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ ان کے گاؤں سے باہر جا کر، خام مال کی خریداری، مصنوعات کی ڈلیوری، اور اسی طرح کے کاموں میں ان کا ساتھ دیتے ہیں۔ مرد اراکین کے لیے کئی سرگرمیاں لاگو کی گئیں، جن کا آغاز مرد اراکین کے لیے تعارفی پروگرام یعنی آگاہی کے سیشن، مرد ارکین کے لیے ٹریننگ اوف ٹرینرز، ڈیجیٹل سیکیورٹی کے سیشنز، سمیت دیگر سیشنز سے کیا گیا۔ ان سیشنز میں مرد شرکاء کو ان سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا تھا جن سرگرمیوں میں خواتین مصروف عمل ہیں اور سیشن کے موضوعات سے آگاہ کیا گیا تھا۔ سیشنز کے زریعے سرگرمیوں کے حوالے سے ان کے خدشات کو دور کیا گیا تھا اور انہیں خواتین اراکین کو مدد فراہم کرنے کے لیے راضی کیا گیا۔ یہاں تک کہ انہوں نے تربیتی مواد کو فائدہ مند پایا۔

نوجوان مرد اراکین کی حمایت کو کم نہیں سمجھا جا سکتا۔ اسکول جانے والے نوجوان لڑکے کتابچے بھرنے میں اپنی ماں اور گھر کے افراد کی مدد کر سکتے ہیں۔ وہ عام طور پر فوری سیکھنے والے ہوتے ہیں اور تصور کو سمجھنے میں ماہر ہوتے ہیں۔

گریجویشن ماڈل نے خواتین ممبران میں ڈیجیٹل ڈیوائسز تقسیم کی گئیں اور ان کو ڈیجیٹل ڈیوائسز سے متعارف کرایا گیا۔ خواتین کے ڈیجیٹل آلات تک رسائی اکثر گھر کے مرد افراد کے زیر انتظام ہوتی ہے۔ ٹیم نے اس سرگرمی میں مرد اراکین کو شامل کرتے ہوئے ڈیجیٹل سیکیورٹی سیشنز کا انعقاد کیا جس میں انہیں ہدایت کی گئی کہ وہ کس طرح اپنے آپ کو ناپسندیدہ واقعات سے بچا سکتے ہیں، جیسے کہ ڈیجیٹل آلات تک ان کی رسائی یا استعمال پر سمجھوتہ کیے بغیر ہراساں ہونے سے بچنا۔



کیس اسٹوری:

سکھر کے ایک گروپ کے مرد ممبران نے اپنی خواتین کے منصوبوں کو زبردست مدد فراہم کی۔ وہ خواتین کی آمدنی اور اخراجات کے کتابچے 'فھڑی فھڑی تالاؤ' کو مکمل کرنے میں مدد کرتے ہیں اور نائب کے طور پر تربیتی سیشن میں حصہ لیتے ہیں تاکہ خواتین آسانی سے اپنے الفاظ کو سمجھ سکیں۔ یہاں تک کہ مرد شرکاء بھی سیشن کے تربیتی مواد میں دلچسپی رکھتے تھے۔ وہ ٹریننگ سیشن کے دوران پیچھے کھڑے ہو کر سیشن کو توجہ سے سنتے تھے۔

عام طور پر، خواتین کی سرگرمیوں کی وجہ سے مرد اراکین کو نظرانداز کر دیا جاتا ہے تاکہ صرف خواتین پر توجہ مرکوز رہے۔ تاہم، خواتین کے پروگراموں کے لیے مردانہ سمجھ بوجھ اور مدد انتہائی موثر ہے۔ سرگرمیوں کے ہموار نفاذ کے لیے، کمیونٹی موبلائزر شروع سے ہی حکمت عملی سے مرد اراکین کو شامل رکھتے ہیں۔

## 3.3 ضروری سامان

ہر سیشن میں درج ذیل سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔

| | منظم زندگی کی مہارتیں | مالیاتی خدمات تک رسائی | آمدنی کو بڑھانے میں مدد |
|---|---|---|---|
| ٹریننگ اف ٹرینز | پروجیکٹر، فلپ چارٹ | | |
| فیلڈ ٹریننگ | پینا فلیکس کو نسب کرنے کے لیے اسٹینڈ؛ فلپ چارٹ؛ ریکارڈنگ کے لیے مارکر | ٹیبلٹ یا لیپ ٹاپ پی سی | اسمارٹ فون (ایک گروپ میں 2–3 ضروری ہے) |

## 3.4 ٹریننگ سیشن کی جگہ

پائلٹ سرگرمیوں میں، گاؤں کی سطح پر سیشن منعقد کیے گئے تھے۔ ایک سیشن کے لیے گروپ کا اوسط سائز تقریباً 20 افراد کا ہوتا ہے۔ ایک سیشن، گروپ کے کسی رکن کے کمرے، برآمدے یا صحن میں منعقد کیا جاتا ہے۔ جو تمام شرکاء کے لیے قابل رسائی ہو اور وہ ایک ٹرینز کو بھی شامل کر سکے۔ قریب ہی واش روم کی سہولیات ہونا ضروری ہے۔

## 3.5 لاگت

لاگت کا انحصار نفاذ کرنے والی تنظیم کے دستیاب وسائل پر ہوتا ہے، مطلوبہ مستفیدین کی تعداد اور سطح وغیرہ پر بھی لاگت کا انحصار ہوتا ہے۔ دیہی علاقوں میں کیے گئے لائٹ-ایف پائلٹ کے مثالی اعداد و شمار درج ذیل ہیں۔ (قیمت کی معلومات 2021 اور 2022 میں لائٹ-ایف پروجیکٹ کے نفاذ کے حساب سے ہے)

| | |
|---|---|
| ضروری اشیاء کی قیمتیں | عملے کی تنخواہ؛ کسی فیلڈ کے دورے سے وابستہ اخراجات؛ ٹریننگ اف ٹریز کے لیے جگہ؛ ٹریننگ اف ٹریز کے شرکاء کے لیے نقل و حمل(Transportation) کی لاگت؛ٹریننگ اف ٹریز اور سیشنز کے لیے مواد اور سامان؛مارکیٹنگ کے مواد کے لیے پرنٹنگ کے اخراجات*؛ منتقل ہونے والی اشیاء۔ |

<معلومات برائے حوالہ>

لاگت کی معلومات برائے سیاق مندرجہ ذیل ہیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ معلومات صرف مثال کے طور پر مقاصد کے لیے فراہم کی گئی ہیں اور یہ کہ صحیح قیمت وقت، مقام اور سرگرمی کے حجم کے لحاظ سے مختلف ہوں گی۔

<25 شرکاء کے لیے پرنٹنگ اور تقسیم کے اخراجات (لائٹ-ایف پروجیکٹ کے لیے)>

| قسم | اشیاء | فی شے قیمت (روپے) | تعداد | کل قیمت (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| سیشن کے لیے مواد | پینافلیکس | 350 | 58 شیٹس | 20,300 |
| | بورڈ اور اسٹینڈ | 1,400 | 1 سیٹ | 1,400 |
| تقسیم کے لیے مواد | فھری فھری تلاؤ | 240 | 25 | 6,000 |
| | کیلنڈر | 390 | 25 | 9,750 |
| | خواتین اور روزگار کا کتابچہ | 360 | 25 | 9,000 |
| کل | 46,450+@ | | | |

*400 کاپیوں کی پرنٹنگ کے لیے ستمبر 2022 تک تقسیم کے لیے مواد کی فی یونٹ لاگت۔

<25 سیکھنے والوں کی خواندگی کی کلاس کے لیے انتظامی لاگت>

| اشیاء | فی شے قیمت (روپے) | تعداد | کل قیمت (روپے) |
|---|---|---|---|
| کلاس روم کا مواد* | 11,750 | 1 مرکز | 11,750 |
| استاد | 10,000 | 4 مہینے | 40,000 |
| مانیٹرنگ اسٹاف | 20,000 | 4.5 ماہ | 90,000 |
| گاڑی | 8,000 | 4.5 ماہ | 36,000 |
| درسی کتاب | 350 | 25 سیٹ | 8,750 |
| ٹیبلٹ | 40,000 | 3 یونٹس | 120,000 |
| کل قیمت | 306,500 | | |

*نصابی کتب کی فی شے قیمت 300 کاپیوں کی پرنٹنگ کے لیے ہے۔

*کلاس روم کے مواد میں بلیک بورڈ اور فرش میٹ کلاس روم کے لیے اور سیکھنے والوں کے لیے اسٹیشنری شامل ہیں۔ مکمل فہرست لائٹ-ایف کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

## 4. سپورٹ سسٹم

گریجویشن ماڈل (رورل) کو نافذ کرنے کے لیے درج ذیل وسائل دستیاب ہیں۔

| انکوائری کی قسم | رابطہ | قیمت |
|---|---|---|
| ٹریننگ اف ٹریزز کے لیے مرکزی رابطے | ڈبلیوڈی ڈی وومین ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ (خواتین کی ترقی کا محکمہ) ؟رابطہ سرسو: سندھ رورل سپورٹ پروگرام | |
| تربیتی مواد | پلیٹ فارم برائے ٹول کٹ: https://light-f.jimdofree.com/ | مفت |
| سرگرمیوں کی رہنمائی (آپریشنل گائیڈنس) | وومین ڈولیپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ھیلپ ڈیسک | مفت |
| لٹریسی کورس | ڈائریکٹوریٹ آف لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن، سکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈیپارٹمنٹ، سندھ جائکا عقل | |